باسمہ سبحانہ تعالیٰ

بتائید حضرت ملک العلام

نسخہ

مجموعہ ہائے سلام

تصنیف لطیف جناب میر انیس صاحب و میر انس صاحب

و میر مونس صاحب و میر رئیس صاحب و میر وحید صاحب

و میر سلیس صاحب مرحومان و جناب میر نفیس صاحب سلمہ الرحمان

مطبوعہ مطبع اثنا عشری لکھنؤ

حلیۂ طبع پوشید

بعون صانع مکین و مکان بفضل خلاق زمین و آسمان

الحمد للہ درین ایام میمنت انجام بفضل ملک العلام

موسوم بہ

مجموعہ سلام

تصنیف نفیس خاندان جناب ... ۱۸۹۵ء

در مطبع اثنا عشری سید عباس علی بلدہ ۲ طبع شد

سلام مونس

لحد مین داغ غم بو تراب لیکی چلے
جو بے زوال ہی وہ آفتاب لیکی چلے

مطلع

سوی عدم دل پر اضطراب لیکی چلے
ہمین سی جانبِ ہم ایک عذاب لیکی چلے

لیسی ہوئی ہی جو دو لو طرف گناہونسی
ہم اپنے ساتھہ وہ فردِ حساب لیکی چلے

برای گریہ ملایک ہماری ساتھہ ہوئی
جدہر حسین کی غمکی کتاب لیکی چلے

رکہی فرشتون نی شیشونمین اشکِ اہل عزا
برای بلبلِ سدرہ گلاب لیکی چلے

خطا کا یہہ زر کا سد لیا جو ساتھہ تو کیا
غنی وہ ہی کہ جو نقدِ ثواب لیکی چلے

لحد مین خوف نکرین سی رکی نہ زبان
وہ ہر سوال کا اپنی جواب لیکی چلے

بغیر رونی رو لاتیکی اور ذکر نہ تہا
بنا مین جبکہ فرشتے حساب لیکی چلے

سیاہ ہی شبِ تار لحد معاذ اللہ
وہ راہ ہی کہ چراغ آفتاب لیکی چلے

سفر مین ملک عدم کی کوئی شریک نہین
کسی مسافر یا ور رکاب لیکی چلے

پکارتی ہی لحد مین ہون خانہ بی فرش
جو اپنی گہر سی چلے فرشِ خواب لیکی چلے

نصیب عمل علیؑ وہ ہی اوٹرسکی جو نہ کیک
تو اوسکو اپنی پرو نیرِ عقاب لیکی چلے

جو بیٹہی مجلس شہ مین تو آبرو پائی
ق
اوٹہی تو بزم سی دُرِّ خوش آب لیکی چلے

کرین حسین جو آب و طعام کی خواہش
ملک بہشت سی کوثر کا آب لیکی چلے

اوٹہالی سر پہ اگر یا تباب کھانا شیر
تو نان گرم کو خود آفتاب لیکی چلے

ہر ایک سی کہتی تہی صغرا دعا کرو لوگو
کہ نامہ بر میرے خط کا جواب لیکی چلے

ہوا جو راکب دوش نبی فرس پہ سوار
تو جبرئیل ادب سی رکاب لیکی چلے

خدیو دین نے علم بہائی کو یہ دیکے کہا — اس آفتاب کو یہ ماہتاب لیکے چلے

کنار نہر بہشتی جو تشنہ لب آیا — تو اپنے ہاتھ پہ ساغر حباب لیکے چلے

عنان ہین علی تھا غش آتا ہی بن پیسر کو — کدہر نسیم ہی آئی گلاب لیکے چلے

عجیب شان تھی میدان مین جب چلے اکبر — رضائی جنگ پدر سی خطاب لیکے چلے

لگائی تیغ کمر سی بن تیغ بلال — سپر کو دوش پہ مثل سحاب لیکے چلے

غلاف سرخ سی تلوار کے یہ ظاہر تہا — بغل مین لیلی گلگون نقاب لیکے چلے

پکاری ماں علی اکبر کی دفن ہوتی وقت — لحد مین ماں یہ حسن و شباب لیکے چلے

وہ خیمہ شہ دین پہونکتی تہی لعین ہیہات — کہو رڈ دوش پہ جسکی طناب لیکے چلے

لکہا ہی روز سوم اہل شام نے قتل سے — سر حبیب رسالت مآب لیکے چلے

عماریوں مین کیا اپنی عورتوں کو سوار — علیکی بیٹیونکو بی نقاب لیکے چلے

یہ مشت خاک ٹہکانی لگی کہیں ہونس — جو بخت سوی در بوتراب لیکے چلے

سلام میر انیس

کچھہ اور حرف سخن نہین اہل سخن کے پاس — مجرائی کیا زبانکی سوا ہی دہن کی پاس

مجرائی گہر ملی گا امام زمن کے پاس — ہوتا ہی آشیانہ بلبل چمن کی پاس

کسکو فشار قبر کی دہشت ہی قبر مین — آنسو ہماری ساتہہ ہین صدرتی کفن کے پاس

ہی تہی دیکہہ کر لب دندان کو شہ کی کو — ثمرن در عدن کی ہی لعل یمن کے پاس

سمجھی یہ سب کہ عون محمد ہوی شہید — روتی ہوئی حسین جو آئی بہن کی پاس

چلائی بانو دیکہکی اکبر کو قبر مین — مجکو بہی گاڑ دی کوئی اس گلبدن کے پاس

قاسم جو مر گئی تو کہا شہ نی رو کی یہ — پہونچی حسن کی آج امانت حسن کی پاس

سوفار جس کا تر نہ ہو خونِ حسینؑ سے
ایسا نہ تیر تھا کسی ناوک فگن کے پاس

صدمے سے کانپنے لگی عابد کے ہاتھ پاؤن
جسوقت تیر پاین نظر آئین رسن کے پاس

شہ پڑھ چکے جو عقد تو آئی سلام کو
دولہ کے پاس موت رنڈاپا دولھن کے پاس

دریا مین حرملہ نے لگایا بنو پہ تیر
جلو بھی لائی تھی شہ دین حسن کے پاس

سینہ پہ بعد مرگ رہین زایرونکی پاؤن
یارب لحد انیس کی ہو کفش کن کی پاس

سلام میر انیس

زرد چہرہ ہے نحیف و زار ہون
ماتم سجاد مین بیمار ہون

مثل بوی گل سفر ہو گا میرا
وہ نہین ہین جو کسی پر بار ہون

بلبلین دم بھر جدا ہوتی نہین
کس گل تر کی گلی کا ہار ہون

عالم پیری مین آئی کون پاس
ای عصا گرتی ہوئی دیوار ہون

ہر کس و ناکس سے جھکنے کا نہین
ہم ہو نہین تیغ جوہر دار ہون

ای زمین مجکو حقارت سے نہ دیکھ
آسمان کا طرۂ دستار ہون

قطعہ

شہ کو عرضی مین یہ صغرا نے لکھا
رحم کیجئے طالب دیدار ہون

شام سے گنتی ہون تارے تا سحر
صورتِ مہتاب شب بیدار ہون

شربتِ دیدار ہے میری دوا
ای مسیحای زمان بیمار ہون

قطعہ

کہتی تھی عباس ای فوج یزید
مین غلام سید ابرار ہون

میرا آقا ہے حسینؑ ابن علیؑ
ابن زہرا کا علمدار ہون

زور جعفر کا میرے بازو میں ہے — جنگ کرنے کے لیئے تیار ہوں
کون ہے کونین میں مجھسا جری — صف شکن ہوں صفدر و جرار ہوں
کاٹ ڈالوں گا سر اعدای دین — ذوالفقار حیدر کرار ہوں
کہتی تھی بانو اُٹھین کیونکر قدم — ای ستمگارو ضعیف و زار ہوں
وبندھم کھینچو نہ میرے ہاتھ کو — پاؤں بڑھ سکتے نہیں ناچار ہوں
میں پیادہ تم ہو گھوڑوں پر سوار — کسطرح دوڑوں بہت بیمار ہوں

قطعہ

کہتی تھی اعدا سے حضرت وقت جنگ — ورثہ دار حیدر کرار ہوں
میں چڑھا ہوں مصطفی کی دوش پر — میں شباب خلد کا سردار ہوں
غرض ہستی ابھی ہو جلکی خاک — برق قہر حضرت قہار ہوں
بنت احمد کا پیا ہے میں نے شیر — شیر ہوں جرار ہوں کرار ہوں
پہلی حملے میں اُلٹ دوں فوجکو — ایکدم میں ان صفوں کے پار ہوں
بیچ میں ہے اُمت جد کا قدم — کیا کروں مجبور ہوں ناچار ہوں

قطعہ

بولا حر لالچ دیا جب شمر نے — میں نثار سید ابرار ہوں
پھر فنا ہونیکی حسرت ہو سکے — شاہ پہ صدقے اگر سو بار ہوں
مجھکو بہکاتا ہے او شیطان خلق — تو ہے غافل اور میں ہوشیار ہوں
چھوڑ کر کعبہ کو آؤں سوی دیر — نور ہو کر پھر شقی کیا نار ہوں
کہتی تھی تیغ علی یا شاہ دین — حکم کر دیجے تو آتش بار ہوں

سبکو کردیتی ہون فرش کہ آن مین — عرش سی اوتری ہوئی تلوار ہون
مینی کاٹی ہین یہ روح اپنا مین — مین علیکی تیغ جو ہر بار ہون
چار آئینہ ہو بر بین یا رزرہ — چار کر دون اوسکو جس سی چار ہون
کیا کرون ای خاص آل عبا — آپکے اس رحم سے ناچار ہون
کہتی تہی زینب وہ ہائی یا علی — سر برہنہ مین سر بازار ہون
شوکہ کر کانٹا ہوا ہون یہ انیس — آنکہہ مین دشمن کے ابتک خار ہون

سلام انیس

ضبط گریہ ماتم سرور مین ہو سکتا نہین — سر جہکا کر بیٹہہ مجلس مین جو رو سکتا نہین
رات اندہیری پرشش اعمال لیندائی فشار — قبر مین بہی چین سے انسان سو سکتا نہین
کار ذاتی ہین ہین عاجز پاک سازان جہان — گرد اپنی موہنہ کی پانی آپ ہو سکتا نہین
کہتی تہی حضرت وہ مشرق ہین کہ مغرب مین ہے — دوستونکی ہم نہ کام آئین یہہ ہو سکتا نہین
شاہ کہتی تہی یہہ دنیا ہی ہے عبرت کی جگہہ — مر گیا بیٹا جوان اوربا پ رو سکتا نہین
نظم ہی یہہ یا در شہوار کی لڑیان انیس — جوہری بہی اسطرح موتی پرو سکتا نہین

سلام انیس

مجرائی بزم شاہ مین آہ و بکا رہے — گلشن مین بلبلونکی فغانکی صدا رہے
انسان کو چاہئی کہ خیال قضا رہے — ہم کیا رہین گے جب نہ رسول خدا رہے
مرنی کو ہم بہی آتی ہین وہان ای مجاورو — نزدیک کفش کن کی ہماری بہی جا رہے
چہتا ہی اور نہ لب کوئی مضمون گریہ خیز — ہو مدتون ثنا و ربجبر البکا رہے
اوسکو کسی مرض سی نہ پہنچی جہان مین رنج — بازو یہ جسکی صرہ خاک شفا رہے

کیا قہر ہے امام کو پہنائین بیڑیان
حبل المتین جو ہو وہ رسن مین بندہا رہے

کشتی کو اوسکی موج حوادث سے خوف کیا
بحر جہان مین جس کا علی ناخدا رہے

کرتی ہین مدح گوئی دندان شاہ ہم
گنجہ دن صدف مین اور دُر بہی بہار ہے

جنکی جناب حر سے بہی بہت راہ راست ہی
ہر پہیر کی پہر نجات کی رستی پہ آرہی

انکا بہی محل ہی بہت عاریت سرا
ہم آج رہ گئی اودہہ گئی گل اور آرہی

یارب ہو ہیچ بین لحد اکر حسین
ہو اسطرف نجف تو اودہر کربلا رہے

چپکی وہ بیشتی جبین مین کیون حرج
خدمت گذار جسکی سدا اسپار ہی

زینب کو آرہی تہی صدا شبکی بعد قتل
اب تا بحشر تمسی بہن ہم جدا رہے

بحر جہان مین قطرون نے بہی سر اوٹہا لیا
دیکہین کہ ان حبابونکی کب تک ہوا رہے

اللہ کیا نمک ہی کلام انیس مین
دشمن بہی گر پڑہے تو زبان پر مزا رہے

سلام میر انیس

میرا راز دل آشکارا نہین
وہ دریا ہون جسکا کنارہ نہین

وہ گل ہون جدا سب سے ہی جسکا رنگ
وہ بو ہون کہ جو آشکارا نہین

وہ پانی ہون شیرین نہین جسمین شور
وہ آتش ہون جسمین شرارا نہین

بہت نوال دنیائی دین بازیان
مین وہ نوجوان ہون کہ ہارا نہین

قطعہ

فقیرون کی مجلس ہے سب سے جدا
امیرونکا یہان تک گذارا نہین

سکندر کی خاطر بہی ہی سدّ باب
جو دارا بہی ہو تو مدارا نہین

گئی پہنی نعلین وہان مصطفا
فرشتہ کا جسجا گذارا نہین

جہنم سے ہم بتیرا رون کو کیا
جو آتش پہ ٹھہرے وہ پارا نہین

پھری دوست جب ہو گئی قبر بند
کہلا اب کہ کوئی ہمارا نہین

گرے ڈگمگا کر زمین پر حسین
فرس سے کسینے اوتارا نہین

تیری صبر کی مین فدا یا حسین
چھری کی تلی دم بھی مارا نہین

کسینی تیری طرح سی ای انیس
عروس سخن کو سنوارا نہین

سلام نفیس

پس از وفات بھی وحشت نی مجکو گھیرا ہے
وہان چلا ہون جہان قبر مین اندھیرا ہے

شب شباب گئی آئی صبح پیری کی
تامل سوچ لے غافل یہی سویرا ہے

خدا کی راہ مین دی ورنہ مال غیر ہے
پہلے سے بھیج دیا جو وہ مال تیرا ہے

مثال آئینہ ہے حال قبر ای غافل
ادہر تو روشنی ہے اوس طرف اندھیرا ہے

نہین ہے خوف مجھے کچھ فشار کا ای قبر
کفن لباس ہوا خاک شفا سی میرا ہے

نہین ہے گرچہ موافق تو ہے یہ دنیا
فقیر نے تیری جانب سے منہ کو پھیرا ہے

ہزار گل تر و تازہ سخن سے ہین پیدا
نہین ہے خوف خزان کا وہ باغ میرا ہے

عجیب خوف زدہ یہ عدم کی نگری ہے
جہان کسی کا نہ خیمہ ہے اور نہ ڈیرا ہے

صدا یہ آتی ہے مرقد سے ہر گھڑی ہر دم
چراغ لائیو ہمراہ یہان اندھیرا ہے

نہ باد ہر مین بیکار ہے عمارت کا
ہے نام جسکا لحد وہ مقام تیرا ہے

ملی گا جو کہ مقدر مین ہو گیا تحریر
ہر ایک بشر کو ہوا و ہوس نے گھیرا ہے

نشست گرچہ پہ شاہون کی تخت زرین ہے
ہزار شکر کہ منبر مقام میرا ہے

بروز حشر زبان سے یہ کہنا ای آقا
نفیس بندہ ہے تیرا غلام میرا ہے

بنانا دہر مین بیکار ہے عمارت کا
ہی نام جسکا سراوہ مقام تیرا ہے

ملی گا جو کہ مقدر مین ہو گیا تحریر
ہر ایک کبر کہ ہوا و ہوس نے گھیرا ہے

نشست گرچہ ہی شاہونکی تخت زرین
ہزار شکر کہ منبر مقام میرا ہے

بروز حشر زبان سے یہہ کہنا اے آقا
نفیس بندہ ہے تیرا غلام میرا ہے

سلام میر انیس

ہے تخت پر جلوس جناب امیر کا
ڈنکا ہی اب جہان مین نبی کی وزیر کا

کیفیتین اوٹھائی نہ کیون دل فقیر کا
نشہ چڑہا ہوا ہی شراب غدیر کا

واقف خمار غم سے نہین دل فقیر کا
پیمانہ کش ہون بادہ خم غدیر کا

شہرہ ہی شش جہت مین حدیث غدیر کا
بیعت کو ہاتھ اوٹھا تہا صغیر و کبیر کا

چہد جای دل چمن مین نہ کیون ہم صفیر کا
میری ہر اک صفیر مین عالم ہی تیر کا

ہو جای پست اوج نہ کیون ہم صفیر کا
طوبی کی سر پہ شور ہی میری صفیر کا

غل سنکی عندلیب علم کے صریر کا
رنگ اوڑ گیا ہی صاف مری ہم صفیر کا

دولت سی فقر کی ہی غنی دل فقیر کا
محتاج بادشاہ کا ہون نہ وزیر کا

جاری ہی کیا ہی فیض جناب امیر کا
دامن دُرون سے بہرتی ہین ابر مطیر کا

دیکھا ہی مونہہ جو تیغ جناب امیر کا
بجلی بنا ہی آئینہ مہر منیر کا

جلوہ ہی اوسطرف بھی جناب امیر کا
مونہہ ہی جدہر پہرا ہوا مہر منیر کا

بعد از نبی ہے تخت جناب امیر کا
سلطان کی مملکت مین عمل ہے وزیر کا

اللہ ری فقر حیدر گردون سریر کا
رہتا تہا خواب گاہ مین بستر حقیر کا

دیکھو کرم رسول خدا کی وزیر کا
قاتل کو بھی نبی نے دیا جام شیر کا

ہی جای گریہ حال جناب امیر کا — کرتی تہی شکر یہانتک کے اژدر شبیر کا

اثنا عشر کی گہر کا گدا ہون تبہی یہ ہی — بارہ دری مین رہتا ہی ستبر فقیر کا

یہان اون دنو لتی ہی شبہہ فصاحت نازیون — چکہا تہا جب مزا ہی نہ مادر کی شیر کا

پل ہین پل صراط سی گذرینگی مومنین — جسوقت لینگی نام جناب امیر کا

ای باغبان ہین بلبل گلزار قدس ہم ہون — سدرہ یہ آشیان ہی مری ہمصفیر کا

قطعہ

اصحاب سی یہ صاحب معراج کی تہی — کیا مرتبہ ہی بادشہ قلعہ گیر کا

پائی کسی نبی نی رسائی نہ اسقدر — دیکہا خدا سی قرب جو اپنی وزیر کا

پہونچا جہان جہان ہین نظر کی جدہر جدہر — تہا ہر جگہہ ظہور جناب امیر کا

دو انگلیون سی کلہ اژدر کیا ہی دو — حیدر نہ کیون لقب ہو میری دستگیر کا

کعبہ مین دوش پاک نبی پر رکہی قدم — ای چرخ دیکہہ اوج میری دستگیر کا

مختار عرش و فرش تہی ہر چند بو تراب — لیکن پسند طبع تہا بستر حصیر کا

قطعہ

اس زور سی لگای تہی قاتل نی ضرب تیغ — شق ہو گیا تہا فرق جناب امیر کا

تہرا رہی تہی مسجد کوفہ کی بام و در — پر خون تہا رخ رسول کی مہر منیر کا

سر پیٹتی تہی گرد نمازی کہڑے ہوئے — زخمی پڑا تہا شیر خدای قدیر کا

آئی نہ صیام کی اکیسون جو رات — بیجان ہوا امام صغیر و کبیر کا

زہرا کی دونو بیٹیان سر پیٹتی لگین — سونہ ڈہانپ کی ہوا اسی شہ بی نظیر کا

فرزند غسل دیچکی جسدم تو جبرئیل — لائی کفن خدا کنی شہ قلعہ گیر کا

پوچھا حسین نے یہ حسن سے کہ بھائی جان
کیون رخ ہی سبز خسرو گردون سریر کا

سونہہ پیٹ کر وہ بولی کہ اسکی یہ وجہ ہے
تھا زہر مین بجھا ہوا تیغہ شریر کا

آہ و بکا سی حشر تھا کوفہ کی راہ مین
تابوت تھا علی جو نبی کے وزیر کا

قیدی دو ہائی دیتی تھی روتی تھی سب فقیر
لیلی کے نام پاک جناب امیرؑ کا

رانڈین پکارتی تھین کہ ہی ہی غضب ہوا
وارث اوٹھا جہان سے یتیم و اسیر کا

پوچھین گی جب انیس نکیرین قبر مین
کہہ دونگا ہون غلام نبی کی وزیر کا

سلام میر انیس

غم شہ کا جسنی بیان کر دیا
ان آنکھون نے دریا روان کر دیا

گھٹا زور مشق سخن بڑھ گئے
ضعیفی نے ہمکو جوان کر دیا

سبک ہو چلی تھی ترازوی شعر
مگر ہمنے پلہ گران کر دیا

میری قدر کر ای زمین سخن
تجھی بات مین آسمان کر دیا

نہ کی آہ کچھ عمر رفتہ کی قدر
عجب جنس کو رائگان کر دیا

نہ دیکھی گئی شہ سی اصغر کی لاش
زمین مین پسر کو نہان کر دیا

لکھی شہ کی خال معنبر کی مدح
قلم نی ہمین نکتہ دان کر دیا

فلک سی ہوا کس دن اجرای کار
مگر ہان جنازہ روان کر دیا

زہی شفقت اشرف کائنات
عجب رتبہ مہمان کر دیا

کوئی جانتا بھی نہ تھا جز کلام
اوسی دم مین جان جہان کر دیا

کہان ایک ذرہ کہان آفتاب
خدا نی کسے مہربان کر دیا

گھٹا فکر مین جسم مثل قلم
سراپا کو صرف زبان کر دیا

پھڑکتا ہی کیون آشنا ای مرغ روح / مقدر نے ویران مکان کر دیا

نشیمن بہی دیگا وہ فردوس مین / تجہی جسنے بی آشیان کر دیا

ہوئی دفن اکبر تو چلائے مان / کسی یہہ زمین مین نہان کر دیا

چہپالی لگی ہمسے موہنہ قبر مین / انہین جب خدا نے جوان کر دیا

جو پوچہی علمدار نے جائے قبر / ترائی مین شہ نے نشان کر دیا

نواسنجیون نے تیری اے انیس / ہر ایک زاغ کو خوش بیان کر دیا

سلام مونس

سلامی جسکو سمجہتی ہین ہم کہ راہ یہہ ہے / نشان نقش رسول فلک پناہ یہہ ہے

عروج دیکہکی حیدر کا لوگ کہتی ہتی / وزیر اعظم پیمبر آلہ یہہ ہے

ہوئی یہہ دو نو بشر ایک نور سی پیدا / وہ مرتبی مین جو خورشید ہین تو ماہ یہہ ہے

وہ زیب عرش برین ہی یہہ زیب دوش نبی / فلک پناہ یہہ ہی اور جہان پناہ یہہ ہے

ادب سی بزم عزای حسین مین بیٹہو / کہ جلوہ گاہ شہ عرش بارگاہ یہہ ہے

ہوا کلیم کا ایکدن جو کربلا مین گذر / صدا یہہ آئی کہ آنکہو نسی چل کہ راہ یہہ ہے

ادب کی جاہی اوتاری ہی پانو نسی نعلین / زمین مدفن سردار دین پناہ یہہ ہے

یہی گا اسیہ ہو مصطفا کی پیار یکا / مقام حسرت و اندوہ و اشک و آہ یہہ ہے

خبر نہین تجہی کیا اس زمین کی ای موسا / حسین سبط پیمبر کے قتل گاہ یہہ ہے

چلا نکلکے ادہر سے جو حر تو سب نے کہا / بہٹکتا پہرتا تہا کل آج رو براہ یہہ ہے

عجب نہین جو رہ خلد اسکو مل جائے / کہ خاندان محمد کا خیر خواہ یہہ ہے

اوٹہا کی مشک کو کاندہی یہہ کہتی ہی عباس / بہشتی تشنگی کوثر کی ہمکو چاہ یہہ ہے

کہا یزید نے آیا جو سامنے سر شاہ
تباہ غرق بخون کس کا رشک ماہ یہہ ہے

پکارا شمر تری فوج فتح کر آئی
بغور دیکھہ سر شاہ کم سپاہ یہہ ہے

ہٹائی کانٹوں نکو مقتل سے کہتی تہی زہرا
صفا رہی کہ یہیں گلگی خوابگاہ یہہ ہے

لگائی ناریوں نے گہر مین آگ زہرا کی
نہ سمجھی آہ کہ دولت سرای شاہ یہہ ہے

طمانچے ماری سکینہ کو ایک ڈر کی لئی
تطاول ستم شمر روسیاہ یہہ ہے

صدا یہہ آتی ہی گردونسی وقت قتل حسین
نہ ذبح کر اسی اے شمر بیگناہ یہہ ہے

اوٹہا پاؤن یہہ سینہ علی کا سینہ ہے
ہٹا چھری کہ محمد کی بوسہ گاہ یہہ ہے

ہوا یہہ کوفہ مین غل دیکھہ کر سر شبیر
کٹا ہی پیاسمین جس کا گلا وہ شاہ یہہ ہے

کہا سر شہ دین نی کہ پوچھو خنجر سے
ہماری تشنہ دہانی کا اک گواہ یہہ ہے

جہانمین زیست ہی اکدن کی رنج سہنی کو انیس
ہمیشہ اسکو سمجھہ شمع صبحگاہ یہہ ہے

سلام میر انیس

صبر کرتی تہی سلامی شہ والا کیا کیا
اہل کین دیتی تہی مظلوم کو ایذا کیا کیا

بانو کہتی تہی کہ سہرا بہی نہ دیکہا افسوس
تہی مجہی بیاہ کی اکبر کی تمنا کیا کیا

تیر کہاتی ہی گلیمین جو دم اصغر کا رو کا
شاہ کی ہاتہو نپہ تڑپا ہی وہ بچہ کیا کیا

دیکہتا جو سر قاسم کو وہ کہتا رو رو
حسرتین لیگیا دنیا سے یہہ دولہا کیا کیا

لاش عباس پہ آنی جو نہ دیتی تہی عدو
تشنہ لب شاہ لڑی ہین لب دریا کیا کیا

شمع جو رونیکو کرتا تو یہہ کہتی سجاد
کیون نہ رووں ستم ان آنکہونسی دیکہا کیا کیا

قطعہ

شاہ دین کی حرم آئی تہی وطن مین جس دم
خاک پر بیٹہ کی سر روئی تہی صغرا کیا کیا

اور ایک سی کہتی تھی بتاؤ لوگو — کھو گئی ہین مجھی مرتی ہوی بابا کیا کیا
سینۂ شہ سی نہ بن ذبح کئی او ترما شمر — گرد بیٹی کی تڑپتی رہی زہرا کیا کیا

قطعہ

بانو کہتی تھی تصور مین علی اصغر کے — دودہ بن تڑپا ہی ہے میرا بچا کیا کیا
پانی دو دن نہ ملا تیر گلی پہ کہا یا — اتنی سے زندگی مین سہہ گئی ایذا کیا کیا
دیکھ کر بات کٹی باپ کے عابد نی کہا — بعد مرنیکی بہی صدمہ تمہین پہنچا کیا کیا
شاہ فرماتی تھی پانی نہین ملتا لیکن — سامنی آنکھونکی لہراتا ہی دریا کیا کیا
دشت پرخار سی جاتی تھی جو بیدل سجاد — پہوٹ کر روتا تھا ہر آبلۂ پا کیا کیا
دیکھ کر شکلی عزیزونکو عدو کہتی تھی — صاحب حسن خدا نی کئی پیدا کیا کیا
لاش اصغر پہ کہا بانو نی اماں صدقے — ننہی سی جان پہ گذری کہو بیٹا کیا کیا

قطعہ

شہ شبیر سی کہتی تھی یہہ رو رو سجاد — رنج دیتی ہین مجھی راہ مین اعدا کیا کیا
طوق و زنجیر سنبہالون کہ مہار اونٹونکے — کام اتنی ہین کرونگا مین تن تنہا کیا کیا
دہوپ مین لاش جلی ہاتہ گئی پہنچونسی — بعد صدمون بہی ملی شاہ کو ایذا کیا کیا
شاہ کہتی تھی سکینہ میری مرنیکی بعد — کیا کہون ہمتیہ ستم ہوونگی بیٹا کیا کیا
دفن کا لاشہ شبیر کا جب وقت آیا — دفعتاً ہوگئی اسباب مہیا کیا کیا
باغ مین دیکہتی جب سرو کو عابد کہتی — کٹ گئی تیغ ستم سی قد رعنا کیا کیا
سر جھکا لیتی تھی صغرا کوئی کہتا تھا اگر — کہو کوفہ سے پدر نی تمہین بہیجا کیا کیا
قیدخانہ مین سکینہ کو جو یاد آئی پدر — رات بہر سینہ مین دل ننہا سا تڑپا کیا کیا

دیکھا مرنی پہ کمر باندھتی جب بابا کو | سر اوٹھا تکیہ پہ سجاد نے ٹیکا کیا کیا
بانو کہتی تھی اب اکبر مجھی سمجھاتی نہین | یاد مادر تیری باتین کری بیٹا کیا کیا
رو رو دیہہ کہتی تھی صغرا کہ گئی جا قاصد | تو نی کیا کیا کہا اور بابا نے پوچھا کیا کیا
کہتی عابد خبر قتل عزیزان سنکر | اپنی بیماری کا ہوتا ہی مداوا کیا کیا
خط لئے لاشہ اکبر پہ یہہ کہتی تھی امام | دیکھو بیٹا تمہین صغرا نے یہہ لکھا کیا کیا
دیکھہ کر فوج بیٹی کو صدو کہتی سہے | ساتھہ لائی ہین جوان سیدہ الا کیا کیا
ساتھہ جاتا نہین کچھہ جز عمل نیک انیس | اسپہ انسان کو ہی خواہش دنیا کیا کیا

سلام مونس

وطن سے مجرئی شاہ زمن نکلتی ہین | ارسول قبر سی باچشم تر نکلتی ہین
صدا یہہ آتی تھی غربت کا غم نہ کہا شبیر | کہ تیری ساتھہ ہی تربت سی ہم نکلتی ہین
ملا نہ کعبہ مین بہی جین قبلہ دین کو | حرم ہی اب معہ اہل حرم نکلتی ہین
تیال قامت عباس خون رولاتا ہی | جب آٹھوین کو گہرونسے علم نکلتی ہین
حسین کہتی تھی باندہی ہو نین دو تیغ دو دم | کہ جسکی خوف سی شیرونکی دم نکلتی ہین
سکینہ کہتی تھی یہہ قحط آب ہے لوگو | کچھہ اتنا اشک بہی آنکہونسی کم نکلتی ہین
حرم یہہ کہتی تھی اصغر ہی جان بلب پیاسا | منگا دو پانی نہین گہر سی ہم نکلتی ہین
پڑی ہین خاک پہ مجروح لال زینب کی | رگونسے قطرہ خون دمبدم نکلتی ہین
علی پکارتی ہین کہ جلد آ شبیر | میری نواسونکی اب تنسی دم نکلتی ہین
اشارے کرتی تھی اصغر کہ جا بیدو اماں | کہ آج پہلی پہل گہر سے ہم نکلتی ہین
فر سیہ جہومتی ہین غشین سیدوالا | صفونسی قتل کو اہل ستم نکلتی ہین

دم مین غل ہے کہ بیکس کے تہامنے کو چلو
بس اب رکاب سے شہ کی قدم نکلتی ہین

دوہائی دیتی ہین رانڈین کہ یا علی فریاد
برہنہ سر سر بازار ہم نکلتی ہین

یہہ غل تہا شام مین پہر آج دیکہنے کو چلو
کہ قید خانہ سے شہ کے حرم نکلتی ہین

ق
یہہ قید خانہ مین رو رو کی کہتی تہی عابد
کہ دیکہین کونسے دن یہانسے ہم نکلتی ہین

گلیسی کہلتی ہے رسی یہہ طوق اترا ہے
نہ بیڑیونسے ہماری قدم نکلتی ہین

پدر کی دفن کو مقتل مین آئی ہین سجاد
سبہونکی سینونسے نالی بہم نکلتی ہین

سنان کلیجہ سے اکبر کی کہنچ جاتی ہے
تن حسین سے تیر ستم نکلتے ہین

یہہ فیض ماتم سبط رسول ہے مونس
کہ چشم ترسے گہر دمبدم نکلتی ہین

سلام میر انیس

غبار رہ کربلا ہو گئے
مری خاک بہی کیمیا ہو گئے

روائین بہی سر پر نہین اے فلک
یہہ توقیر آل عبا ہو گئی

الہی مجہی مین نہ تہی کچہہ وفا
کہ دنیا ہی سب بیوفا ہو گئی

یہہ عقدہ نہ کہلتا کبہی حشر تک
عنایات مشکل کشا ہو گئی

خوشا صرہ کربلا کا اثر
گرہ وان کہلی یہان شفا ہو گئی

قطعہ

نجف مین شراب آکی سرکہ بنی
وہ کیفیت نشہ کیا ہو گئی

زہی سطوت عدل شیر خدا
کہ بنت العنب پارسا ہو گئی

کہا شہ نی زینب سی اکبر کی بعد
بہن روح تن سے جدا ہو گئی

قطعہ

کلیجو نپیہ چلنی لگے تیغ ہجر ‌ — نبی جب نبی سے جدا ہو گئے
یہہ دولہنی دستِ تاسف ملی — کہ ہاتہونکی سرخی حنا ہو گئے
نہ گل مین محبت نہ بلبل مین انس — الٰہی یہہ کیسی ہوا ہو گئے
یہہ صدمہ ہوا وقتِ جنگِ جدل — کہ غش بنتِ مشکل کشا ہو گئے
خزان کا جو گلشن مین جہونکا چلا — تو بس جان بلبل ہوا ہو گئے
وہ تعریف ہے جسمین سازش نہو — وہ رقت ہی جو بیریا ہو گئے

قطعہ

تلاطم سے نکلا ہمارا جہاز — مناسب موافق ہوا ہو گئی
بہت ڈر سمندر کی لہرونکا تہا — طبیعت مگر آشنا ہو گئی
کیا ابرِ رحمت نے ایسا کرم — کہ پانی رہِ کربلا ہو گئے
نگہبانِ کشتی جو تہا فخرِ نوح — ہر اک موج خود ناخدا ہو گئی
مجہی پر نہین کچہ علیؑ کا کرم — ہزارونکی حاجت روا ہو گئی
کہا تہنی نکلا جو اصغر کا دم — میری پہول سے بو جدا ہو گئی
فلک کیون نہ پہٹ کر زمین پر گرا — علیکی بہو بے ردا ہو گئے
دمِ نزع کس کس کا شکوہ کرین — نہ اک تاب و طاقت جدا ہو گئی
رہا مدتون ساتہہ جس روح کا — وہ دم بہر مین نا آشنا ہو گئی
گہلا یہہ غم شہ مین عابد کا غم — قبا تہی جو تن مین عبا ہو گئی

قطعہ

سکینہ یہہ کہتی تہی زندان مین — محبت عنایت وہ کیا ہو گئی

گلا میرا باندھا نہ پوچھی خبر
چچا بس یہین ہمتی خفا ہو گئے

کئی دن نہ پانیکا قطرہ ملا
مسافر پہ کیا کیا جفا ہو گئے

سکینہ نے پوچھا لعینوں سے آہ
کہ معصوم سے کیا خطا ہو گئے

انیس آچکی ہے تہِ تیغ مرگ
اسیر مومنونکی دعا ہو گئے

سلام مونس

چلے ہین دلمین جو ہم لیکی آرزوئے نجف
تو روح پہلی ہی راہی ہوئی ہے سوئے نجف

بولائے ساقئ کوثر جو مجکو سوئے نجف
تو چلوؤنسے پیون بادہ سبوئے نجف

جھکی ادب سے یہہ جبرئیل روبروئے نجف
کہ بھر لئی سر شہپر گانہین خاک کوئے نجف

ہمیشہ کعبہ مین احرام آرزو باندہا
ہوا نصیب نہ لیکن طواف کوئے نجف

علیکو دیتی ہین زائر حسین کا پرسا
یہی سبب ہے کہ جاتی ہین پہلی سوئے نجف

ملک یہہ کہتی ہین روضہ مین آکی صل علا
نجف مین بوئے جنان ہے جنان مین بوئے نجف

بڑہا ہوا ہے زبس شوق مشوق بلبل سے
ادہر تلاش چمن مجکو جستجوئے نجف

امام کون ہے پوچھین ملک جو تربت مین
علی علی مین کہون ہاتہہ اوٹھا کی سوئے نجف

کہلا ہے یہہ گلشن عالم مین اونکی کو کوسی
کہ قمریونکو بھی ہے اشتیاق کوئے نجف

حسین نے تو شرف خاک کربلا کو دیا
بڑہائی ساقئ کوثر نے آبروئے نجف

بس اب یہ تلاطم طوفان کا ڈر نہین مونس
پہنچ گئی میری کشتی کنار جوئے نجف

سلام میر انیس

عجب وقت ہے اور عجب انجمن ہے
سلامی یہہ محفل علی کا چمن ہے

سلامی یہہ آل نبی پر محن ہے
کہ بالے تو بازو ہین اور ایک رسن ہے

نہین انگلیان پانچ نہر نیلا ہین گویا
میری ہاتہ مین خمسۂ پنجتن ہے

گریبان میرا چہوڑا سے ترص دینا
میری ہاتہ مین دامن پنجتن ہے

کہلا یہہ دو رنگی سی برگ حنا کے
یہہ رنگ حسین اور وہ رنگ حسن ہے

یہہ ہٹی سی بر ہیرای جسم کب تک
کہ آخر یہی خاک ہی اور کفن ہے

کہا ماں نی جاتی ہو اصغر کہان تم
اشارہ کیا قصد نہر لبن ہے

قطعہ

مکان دیکھی معراج مین دو نبی نے
کہ ہر ایک جنت مین پر تو فگن ہے

محل ایک زمرد کا ہے رشک طوبی
تو وہ دوسرا رشک لعل یمن ہے

کہا سرخ اور سبز کیون ہین یہہ دو نو
دل اسوقت کچہہ خود بخود نعرہ زن ہے

کہا حامل وحی سے سر جہکا کر
یوہین مرضی حضرت ذو المنن ہے

کردن مختصر عرض ہے طول آمین
یہہ قصر حسین اور وہ قصر حسن ہے

صفین توڑ کر ر من کہتی سے تے اکبر
مرا جد مرحوم خیبر شکن ہے

کہا حرملی شتعین نہ حضرت پہ کہینچو
لعینون یہہ سید غریب الوطن ہے

گلیمین رسن جب بندہی بولی عابد
کہ ہم مین ہی مشکل کشا کا چلن ہے

اسیرونکو دکہلا کے خولی پکارا
یہہ کنبہ علی کا اسیر محن ہے

سرا جسکی بازو مین ہے ریسمان کا
یہہ زہرا کی بیٹی ہے شہکی بہن ہے

موںہہ اپنا جو ہی دو نو ہاتہونسی دہانپے
یہی نامراد ایکشب کی دولہن ہے

کہا شہ نی قاتل سی زانو او ٹہا لے
کہ تیرونسی غربال سارا بدن ہے

قطعہ

نظر آیا مقتل تو عابد پکارے
یہہ نعش امام غریب الوطن ہے

نہیں جسم پر ایک چادر کا سایا
نئی گردش ای آسمان کہن سے ہے

ندا آئی لاشے سے بیٹا نہ رو تو
لحد حق مین راحت یہ رنج و محن ہے

یہہ نیزونکی چہ بین ہین تابوت اپنا
یہہ دامان صحرا ہمارا کفن ہے

نہین رنج کچہہ اپنی عریان تنی کا
یہہ غم ہے کہ زینب اسیر محن ہے

انیس اسقدر شور بختی کا شکوہ
یہہ دولت ہی تہوڑی کہ شیرین سخن ہے

سلام مولفہ

عقدۂ سلک گہر ای دیدۂ تر کہولدے
ابر نیسان پہر برس کر اپنی جوہر کہولدے

گر صبا بند نقاب روی قیصر کہولدے
کور مادر زاد آنکہین مثل اختر کہولدے

خیر کو منعم گلوی کیسۂ زر کہولدے
بخل کا در بند کر لی خیر کا در کہولدے

تیرگی ظلمات کی کیا ہی سیاہی سکی دکہہ
قبر ہی یہہ قبر آنکہین ای سکندر کہولدے

دست قدرت ہی کسی کا یہہ کہ پہر یا بند آج
جس گرہ کو ناخن تدبیر حیدر کہولدے

شمر کہتا تہا چلین اوسدم گلی پر تیغ ظلم
اپنا منہہ جب ہچکیان لی لیکی اصغر کہولدے

فتح تب ہاتھ آئی جب احمد نی حیدر سے کہا
ہان میرے بازو جہپٹ کر باب خیبر کہولدے

تو ہی دانا ہر رگ ریشہ کا اوسکی یا کریم
خیر تیری تیغ زبانکی کون جوہر کہولدے

صاف کہتا ہون کہین دلمین کدورت آجائے
اتنا جوہر دار آئینۂ سکندر کہولدے

آئی طوفان مین بچانی کو علی اہل خدا
ہان گرادی بادبان کشتی کا لنگر کہولدے

قید مین بلبل ہی دیتی تہی علیکو یہہ صدا
میری پر آئی قاضی بازو کبوتر کہولدے

کہتی تہین بانو کمر باندہی ہی صبح سے
کیون علی اکبر گرہ پٹکی کی مادر کہولدے

ذبح کا مشتاق ہوگا کون ایسا جز حسین
ہنس کی جو بند گریبان زیر خنجر کھولدے

شمر سی کہتی تہی زینب دختر حیدر ہون مین
میرے بازو کی رسن بہر پیمبر کھولدے

شہ نی قاصد سی کہا تیغو نسی پہری ہین تن تمام
تو خط صغرا کا سر نامہ برادر کھولدے

دلکی عقدی اسطرح آہونکی جہونکو نسی کہلے
جیسی غنچی کی گرہ گلشن مین صرصر کھولدے

تیر کہا ناشہ کا یاد آتا ہی مونس کو جب
جلد اب فصد رگ جان غم کا نشتر کھولدے

سلام انس

ای سلامی غمنی شہ کی دلکو بسمل کردیا
اتم شبیر نی ہر دلکو بیدل کردیا

واہ ری شیرینی لطف و عطای بوتراب
انشیر کا نسعین بہر قاتل کردیا

قطعہ

زمین شہ سی خنگ کو نکالا کوی ناری کی گرا
تیغ نی سید کا سقر مین دسکو داخل کردیا

کی زبانی گفتگو جس بد زبان نی سامنی
حجت خالق نی دوبا تو نہین قایل کردیا

ملک جن شاہونکی تہی زیر نگین کل خلق پر
آج خود اونکو اجل نی نقش باطل کردیا

زور اعضا گھٹ گیا جب بڑہ گیا حسن سخن
آپ ناقص ہو گئی جب حق نی کامل کردیا

فرط غم سی حال عابد کا نہ لکہا شرح وار
کلک نی مضمونکو پابند سلاسل کردیا

کہتی تہی ماں کل تلک اصغر گہٹنون چلتی تہی
آج اونکو موت نی بیدا نکی قابل کردیا

کون پرسان ہی بہنین کیون رہا دن جون جگر
النراش بیقدری عالم نی بیدل کردیا

سلام انیس

صورت آئینہ استغنا کی جوہر کہل گئے
ایک ذرہ بہی ہوا گر بند سو در کہل گئی

مسکرائی ہین جو دندان پیغمبر کہل گئے
صاف گویا عرش نورانی کی اختر کہل گئے

مطلع

مہر حیدر جب ہوئی فردوس کے در کھل گئی
باب رحمت ہمیشہ مثل باب خیبر کھل گئی

چرخ سی بہر رسول اترتی اتی پیشانی ذوالفقار
آئی قبضہ مین علیکی جب تو جوہر کھل گئی

آج کچھ ہلتا نظر آتا ہی جوبن ماہ کا
غالباً بند نقاب روی اکبر کھل گئے

کب بیان ہو سکتی ہی شہ کی مصیبت اے انیس
جب پڑہا ہمنی مصایب علی دفتر کھل گئی

سلام میر انیس

سلامی خلق کا آغاز و انجام اونپہ ظاہر ہی
کہ جو اول ہی بہر اول سی ہر آخر سی آخر ہی

الٰہی بخش دی اپنی کرم سی میری عصیانکو
کہ مین ہون بندہ محتاج تو ہر شی پہ قادر ہی

دو عالم دو ورق ہین اک کتاب مصحف حیدر کی
یہہ مجموعہ ہی وہ جسکا نہ اول ہی نہ آخر ہی

کہا عباس نی پانی تو پینی دو مسلمانو
تمہارا میہمان پیاسا ہی بیکس ہی مسافر ہی

جو اچھی ہین وہ ہین ملتی ہی مرکر قرب اچھونکا
قریب قبر سرور تربت ابن مظاہر ہی

کہا حضرت نی حر سی تیسرا فاقہ ہی بچون پہ
میری احوال سی رزاق عالم خوب ماہر ہی

حسین ابن علی کہتی تہی گر امت کی کام آئے
یہہ بچی بہی میری موجود ہین یہہ سر بہی حاضر ہی

بہلا اونکی ثنا کیونکر کری کچھ مجھ بیان
فرشتونکی زبان مداحی حیدر مین قاصر ہی

پیادہ سید سجاد سوی شام جاتی ہین
نہ محمل ہی نہ ہودج ہی نہ اشتر ہی نہ قاطر ہی

قطعہ

پکارا خولی ملعون صف آرا جب ہوئی حضرت
بنی مجھکو برہنہ سر نظر آئی یہہ کیا سر ہی

حصین ابن نمیر روسیہ نی تب کہا ہنسکر
یہہ دلا دنبی کا سحر ہی جو تجہپہ ظاہر ہی

حبیب ابن مظاہر تب پکاری ای شقی خیرہ
خدا لعنت کری بیدین ہی تو مرتد ہی کافر ہی

نبی کی لال کی رتبہ سی شاید تو نہین واقف
یہہ اعلی ہی یہہ اتقی ہی یہہ طیب ہے یہہ طاہر ہے

یہہ وہ شبیر ہی ماں ہی جناب فاطمہ جنکی
یہہ وہ سید ہی جو قبر محمد کا مجاور ہے

اگر یہہ شبہہ تجکو ہو تو پوچھہ ای لشکرین ادر و دنیے
اری او کور باطن اسکا رتبہ سب پہ ظاہر ہے

کلید قفل جنت ہی ولا آل محمد کے
خدا کو جسنے پہچانا ہی وہ انسی ہی ماہر ہے

کسی کا کچھہ گلا کرتا نہین وہ دن کی فاقہ مین
خدا کا دوست ہی دنیا ای سے صابر و شاکر ہے

جو اندہا ہی تو آنکھین چاہئیں مل نعلین سرور پہ
نبی کی لال کی خاک قدم کحل جواہر ہے

سخی ایسا ہی یہہ سید کہ بہر اعانت عاصی
لٹا دینیکو گہر موجود ہی مرنیکو حاضر ہے

مدینہ ہی سو یہہ کعبہ گیا کعبہ سی یہان آیا
یہہ رہبر ہی یہہ سید ہی یہہ سرور ہی یہہ صابر ہی

ہزاروں ملکی لڑنی آئی ہو بیکس ہے نہا لینے
نہ کچھہ اسلام کا ہی پاس نہ ایما کی خاطر ہے

چڑہائی کس پہ ہی فوج ہو نکی کسکو قتل کرتی ہو
کوئی اس ماجرے کا پوچھنی والا بہی آخر ہے

یہہ سر افضل سی افضل ہی یہہ سر اعلا سی اعلا ہے
یہہ سر بہتر سی بہتر ہی یہہ سر نادر سی نادر ہے

کئی ہین پایا دہ بیٹیں جو اسنی ستم سے
یہہ حق کا برگزیدہ ہی یہہ حاجی ہی یہہ زائر ہی

زبان جل جائیگی تیری معاذ اللہ توبہ کر
شقی تو صاحب اعجاز کو کہتا ہی ساحر ہے

خبر لینا انیس زار کی یا احمد مرسل
تمہاری آل کا مداح ہی سید ہی ذاکر ہے

سلام میر انیس

نہ منصب کے ہوس نہ خواہش جاگیر رکھتی ہین
جو رکھتی ہین تو عشق روضہ شبیر رکھتی ہین

خیال زلف و روی حضرت شبیر رکھتی ہین
ہم اپنی چشم مین ذرات کی تصویر رکھتی ہین

شب ہشتم سی ہی غیظ و غضب عباس غازی کو
نہ کاندہی سی سپر نہ ہاتھ سی شمشیر رکھتی ہین

ٹپکسا پڑتی ہین مثل شمع آنسو جلنی والونکے
مرے دلسوز نالی بہی غضب تاثیر رکھتی ہین

بلا قید آئین سایل تہا یہ حکم سید و صفدر
سبہی جو ہین وہ دروازہ پین کب زنجیر رکہتی ہین

تجبر و بیشی ہین ہمکو عداوت ہی تعلق ہے
کمر مین بہر قطع آرزو شمشیر رکہتی ہین

توقع جنسی ہی وہ لوگ مطلب آشنا نکلی
نہین افسوس ہم بہی کیا بری تقدیر رکہتی ہین

سلام میر انیس

شبیہ امام زمان کہینچتے ہین
تصور مین تصویر جان کہینچتے ہین

جگہہ پھول سلے ہی مزاروں کی خاطر
زمین پر شہیدین نشان کہینچتے ہین

بہت ہمکو بیتا ہی اکدن تجہی ہی
شکنجہ مین ای آسمان کہینچتے ہین

قرین سر کے ہی آفتاب قیامت
لحد پر عبث سایبان کہینچتے ہین

محبت کا رشتہ نہایت ہی نازک
مجہی کس لئی قدردان کہینچتے ہین

دیکہا دون زمین نجف کی بلندی
بہت آپکو آسمان کہینچتے ہین

قطعہ

تپ غم کی شدت سی کہتی تہی عابد
عجب سختیان استخوان کہینچتے ہین

سبکباری امت جد کی خاطر
ضعیفی مین بار گران کہینچتے ہین

زمین کی تلی جسکو جانا ہے اکدن
وہ کیون سر کو تا آسمان کہینچتے ہین

نقیرون نے یہان پاؤن پہیلا دئی ہین
عبث ہاتہہ اہل جہان کہینچتے ہین

جہکاتی ہین سر آستان علے پر
سر فخر تا لامکان کہینچتے ہین

نکلیو نہ بدلی سے ای برق خاطف
حسین آہ آتش فشان کہینچتے ہین

عبث ہین عدو در پئے قتل اصغر
یہہ ایذا کہین بی زبان کہینچتے ہین

وہ ہین پہلوان ہم جو قوت دیکہائین
فلک پر سر کہکشان کہینچتے ہین

پڑہی ہین جو انکو نکلے زور ونیہ بازو
یہہ کمزور او تری کمان کہینچتے ہین

عجب کیا جو حاسد کا دل ہو نشانہ
کہ ہم رستانہ کمان سے کہینچتے ہین

غم شہ مین سرگرم ہین اربعین تک
یہہ چلہ ہمین ای کمان سے کہینچتے ہین

سخن ہے اگر باعث تلخ کامے
تو ہم آپ اپنی زبان سے کہینچتے ہین

قطعہ

زمینہ ار سیراب ہین کربلا کے
اذیت امام زمان سے کہینچتے ہین

اوہر خشک ہی فاطمہ کی زراعت
وہ کہیتون مین آب روان کہینچتے ہین

ہوا لگنی دیتی ہی جنکو نہ بلبل
وہی گل جفائی خزان سے کہینچتے ہین

قطعہ

کہان بیڑیان اور کہان پائی عابد
یہہ لنگر کہین ناتوان سے کہینچتے ہین

پیادہ گئی شام تک اس روش سے
شتر جسطرح ساربان کہینچتے ہین

پسینہ نہین پوچہتی رخسے حضرت
گلاب گل ارغوان سے کہینچتے ہین

نہ ہوگی صفت خال رخسار شہ کی
یہہ خفت عبث نکتہ دان کہینچتے ہین

کہا حر سی شمر گنا ہولنی تیرے
خط عفو ای مہمان سے کہینچتے ہین

انہین کے لئی ہی زمانیکی تلخی
بڑے رنج شیرین زبان کہینچتے ہین

عجب حال ہی دختر فاطمہ کا
رواسے سی ایذا رسان کہینچتے ہین

پکاری سکینہ دو ہائی ہی بابا
ستمگر میری بالیان کہینچتے ہین

کٹی جاتی ہین گردنی سب بیونکی
رسن کو جو ایذا رسان سے کہینچتے ہین

یہہ عالم ہی فرقت مین کہتی تہی صغرا
کہ رگ رگ سے جسطرح جان کہینچتے ہین

کہا شہ نی ہشیار ای قوم نا رسی
ہم اب تیغ آتش فشان کہینچتی ہین

بہت باغ دنیا کی کانٹو نسے الجہی
بس اب رخت سوی جنان کہینچے ہین

قدم بیڑیونین ہین رسّی مین بازو
یہہ وہ دکہہ عابد ناتوان کہینچے ہین

جسی دیکہہ کر ہوئی مانی کو حیرت
وہ تصویر رنگین بیان کہینچے ہین

لکہین کسطرح ناتوانی عابد
جو بیتین پپے امتحان کہینچے ہین

قلم یون ہی کاغذ پہ تہم تہم کی چلتا
قدم جسطرح ناتوان کہینچے ہین

کہا روکے اکبر نے ای درد تہم جا
کلیجہ سی بابا سنان کہینچے ہین

انیس اس زمین مین بہت کم ہی وسعت
کمیت قلم کی عنان کہینچے ہین

سلام نفیس

پس از وفات بہی جنت نی مجکو گہیرا ہی
ملا وہ گہر کہ جہان حشر تک اندہیرا ہی

لحد مین نکہت جنت کی احتیاج نہین
کفن بسا ہوا خاک شفا سے میرا ہی

اگر نہین رخ دنیا ادہر تو باک نہین
نصیری نی بہی منہہ اپنا ادہر سی پہیرا ہی

مثال آئینہ ہی زندگی و موت کا حال
کہ روشنی ہے ادہر اوسطرف اندہیرا ہے

زمین قبر ہر اک کو صدا یہہ دیتی ہی
چراغ لائیو وہانسے یہان اندہیرا ہی

شب شباب گئی آئی صبح پیری کی
مآل پر بہی نظر کر ابہی سویرا ہے

خدا کی راہ مین دی ورنہ مال غیر سمجہہ
یہان سے بہیجدیا جو وہ مال تیرا ہے

وہان چلی ہین جہانسے مقام کرنیکو
جہان کسی کا نہ خیمہ ہی اور نہ ڈیرا ہے

ریاض مدح علی نی مجہی کیا سرسبز
ثمر بہشت ہی جس کا وہ باغ میرا ہی

کبہی نہ جائیگی تا حشر اس زمین کی بہار
خزان کا ڈر نہین جسکو وہ باغ تیرا ہے

بروز حشر خدا سی یہ کہئے گا مولا	نفیس بندہ ہے تیرا غلام سیرا ہی

سلام مونس

آئی جو خاک تربت شبیر ہاتھ مین	ہو جائی گرد مجمری اکسیر ہاتھ مین
سمجھو نہ مرثیہ کی یہ تحریر ہاتھ مین	ہی مقتل حسین کی تصویر ہاتھ مین
شیعونکو کیا ہی وعدہ غم آفتاب حشر	اوس دن بہی ہوگا دامن شبیر ہاتھ مین
جہکا وہ دشت آئی جو عباس نامور	لیکر نشان لشکر شبیر ہاتھ مین
پنجہ کو ناز تہا کہ ہی فیض پنجتن	رکہتا ہون آفتاب کی تنویر ہاتھ مین
معلوم تہی سب اپنی مصیبت حسین کو	گویا ازل سی تہا خط تقدیر ہاتھ مین
عرش علا پہ ہر زیارت ہر ایک ملک	رکہتا ہی بوتراب کی تصویر ہاتھ مین
سر شہ کا دیکہ دیکہ کے زینب تڑپتی ہی	تہا نی تہا سر حسین کا بی پیر ہاتھ مین
گرتی تہی جبکہ ضعف سی عابد زمین پر	رو کر سکینہ تہامتی زنجیر ہاتھ مین
حر کہتا تہا نہ چہوڑونگا مر کر بہی مین کبہی	محشر تلک ہی دامن شبیر ہاتھ مین
دست خدا نی جسکو دیا وہ غنی ہوا	خالق نی کیا یہ بخشی تہی تاثیر ہاتھ مین
جب سر جدا کیا او ٹہا شمر سینہ سے	کب چہوڑتی ہین آئی جو نخچیر ہاتھ مین
مونس نہین ہی دور کہ صدقہ شاہ کی	ہو خلد کا قبالہ جاگیر ہاتھ مین

سلام مونس

فیض خاموشی نی ذکر خوش بیانی کر دیا	ہر سر مو کو زبان نی بی زبانی کر دیا

مطلع

ہمصفیرون مین بیان روضہ خوانی کر دیا	زمزمہ مونس نی بلبل سدرہ کا ثانی کر دیا

مطلع

دوست کیا دشمن کو محو خوش بیانی کر دیا
لحن داؤدی نی پتھر کو بھی پانی کر دیا

تیسری کو خامس آل عباد اخل ہوا
ظالمون نی ستاؤین سی تنہ بانی کر دیا

دیدہ بد دور کیا ہی شوخ ہین طفلان اشک
آتش دوزخ کو جیتی دیکھی پانی کر دیا

احمد وحیدر تھی دو نو ایک صانع نی مگر
نقش اول اونکو انکو نقش ثانی کر دیا

نہ سکندر ہی نہ دارا ہی نہ کسری کی طاق
موت نی اکدم مین کس کس گہر کو فانی کر دیا

جہہ سا کیونکر ہنون سب یا امام دین
حق نی جو کدٹ کو تیری کعبہ کا ثانی کر دیا

تشنگی کا حال سنکر شہر سی رو یا یزید
بیکسی نی شاہ کی پتھر کو پانی کر دیا

فقر مین بھی زردی تن نی دیکھایا اپنا رنگ
گیر دی کپڑونکو میرے زعفرانی کر دیا

ذکر مین دنیا کی آخر ہو گئی عمر عزیز
وائی کس ولت کو صرف قصہ خوانی کر دیا

اللہ اللہ کیا شہیدونکی ہین اعلی مرتبے
موت کو جنکی خدا نی زندگانی کر دیا

شمع کی شعلہ نی محفل مین بہت کینچا تہا سر
ہمنے باطل دعوۂ آتش زبانی کر دیا

تن کی کتنی تہی حبیب ابن مظاہر وقت جنگ
شوق نی جو رونکی پیریکو جوانی کر دیا

بیٹھ کر سجاد جب اوٹہتی زمین سی آہ کی
نالہ لکو عصائی ناتوانی کر دیا

ای قلم ہمنی مرقع کربلا کا کینچ کر
تجکو رشک خامہ بہزاد و مانی کر دیا

سید سجاد کو غمنے گہلایا اسقدر
جسم اطہر کو شبیہ ناتوانے کر دیا

دیکہ سر کش یاہ تو جہک جہکے ہوتا ہی تہہ
منکسر ہونی نی پیریکو جو انے کر دیا

فیض مدح شہ سی تہی فردوسی طوسی مگر
تیرہ بختی نی ہمین ہندوستانی کر دیا

منعمو نکے یاون تہراتی ہین دیکہو رعب فقر
بوریہ کو ہمنے تخت خسروانی کر دیا

دیکھہ کر آتی ادسی تکلیف کی خود جنا کام تہ — حر کو مولا نی رہین مہربانی کر دیا

تصر جنت دیکی جو رہین کین عطا بخشی قصور — دو دولت عقبی کو صرف مہمانی کر دیا

جو لکہا تہا پہر کہا قاصد سی صغرا نی وہ حال — خط کی سب مضمونکو پیغام زبانی کر دیا

کہتی تہی عباس ای پیاسی سکینہ صبر کر — بس کلیجہ کو تیرے رونی نے پانی کر دیا

بعد اکبر خون نہ جسم شاہ والا مین رہا — ضعف نی رنگ مبارک زعفرانی کر دیا

خوب مدح شاہ والا مین لکہی شعر بلند — اس زمین کو تو نی ہمو تنس آسمانی کر دیا

سلام میر انیس

چہری قید سے جب عابد بی پر چہوٹے — شام مین شور رہا آل پیمبر چہوٹے

زین فرماتی تہی بہر کر نفس سرد حسین — مجہسی کیا کیا میری اس دشت مین یاور چہوٹے

بانو کہتی تہی کہ ناتہو نسے اجل کے ہی ہی — نہ تو اکبر ہی بچی اور نہ اصغر چہوٹے

قطعہ

حر یہ کہتا تہا کرونگا مدد سبط رسول — اسمین فرزند جدا ہو کہ برادر چہوٹے

ایک عالم سی جو چہٹ جاوے تو پروا نہین مجہے — پر نہ ناتہو نسی میری دامن سرور چہوٹے

خاک پر گر کی دم نزع یہ اکبر نی کہا — اب یقین ہی کہ نہ تا حشر یہ بستر چہوٹے

شہنی زینب سی کہا ملکی گلی وقت وداع — ای بہن تمسی ہم اب تا دم محشر چہوٹے

بی بیان کہتی تہین کیون نہ لٹے یہ در و گہر ہمارا — سر پہ وارث نہ رہا قید ہوئی گہر چہوٹے

قطعہ

لاش اصغر پہ کہا بانو نی اماں صدقے — جتنے ہمنی سیری جیا تیسی دم بہر چہوٹے

آکی جنگل مین کیا باپ کا پہلو آباد — ماں سی اس عمر مین بیٹا علی اصغر چہوٹے

عورتین آنکی صغرا کو یہہ سمجہاتے تہین ق تیری رونیسے تو ہمسائیونکی اکہر چہوٹے
وہ یہہ کہتی تہی کہ ہان باپسے جو چہوٹا ہو اوس سے رونا کہو دزرات کا کیونکر چہوٹے
شاہ کہتی تہی کہ کہی حلق نگر ہاتہونسے دامن صبر نہ زیر دم خنجر چہوٹے
کہتی تہی بالی سکینہ ستم اعدا سے ہای امان نہ میری کان کی گوہر چہوٹے

قطعہ

گر چہٹا کوئی مسند یہ تو کہتی سجاد ہوئی چالیس برس بالش و بستر چہوٹے
زیر سر ہاتہ دہری خاک یہ سوتا ہوں اوٹہ گیا چین ہی جسر وزسی سرور چہوٹے
شاہ کہتی تہی رفیقونسی چہٹا کودریا یہہ دعا مانگو کہ پیاسو لسی کوثر چہوٹے
اصغر شہ کی لگا گردن و بازو یہ جو تیر خونکی دو زخمونسے فواری برابر چہوٹے
کانکی دردسی کیا بالی سکینہ تڑپے بدگہر کی نہ مگر ہاتہونسے گوہر چہوٹے
لاش پر بیٹی کی شہ کہتی تہی ہسی افسوس بعد اٹہارہ برس کے علی اکبر چہوٹے
یہہ غم اکبر و عباس میں کہتی تہی حسین آج حیدر سی چہٹا آج پیمبر چہوٹے
خلد مین روح کی سکینہ نی کہا سرور سے قید زندانسے تو ہم چہوٹے پہ مرکر چہوٹے
آرزو یہہ ہی کہ ہنگامہ محشر میں انیس ہاتہ سی پیرسے نہ دامان پیمبر چہوٹے

سلام میر انیس

مثال بدر جو حاصل ہوا کمال مجہے گہٹا گہٹا کی فلک نی کیا ہلال مجہے

مطلع

کمال شوق زیارت ہی ابکی سال مجہے کریم ہند کی ظلمت سے اب نکال مجہے
برنگ سبزہ بیگانہ باغ دہر مین تہا تیری سحاب کرم نی کیا نہال مجہے

کریم جو تجھے دینا ہو بے طلب دیدے
فقیر ہون یہ نہین عادتِ سوال مجھے

نگاہ نامہ اعمال پر جو کی پس مرگ
گناہگار نظر آیا بال بال مجھے

جو خضر بخت مجھے کربلا مین پہنچا دے
نہ آئے خواب مین بھی ہند کا خیال مجھے

یہہ نعمتین بھی ہین دنیا مین یادگار مگر
میرا خیال تجھے اور تیرا خیال ہے مجھے

فلک مین سبزہ بیگانہ اس چمن مین نہین
یہہ کیا روش ہے جو کرتا ہے پایمال مجھے

کبھی خوشی سے جو دنیا مین ایکدم گذرا
وہ صدمہ کش ہون کہ برسون ہوا ملال مجھے

غم حسین مین کہتا ہے زخم دل ہر دم
لہو جگر کا ہے گر ہوا اندمال مجھے

کسیکے سامنے کیون جاکے ہاتھ پھیلاؤن
میرا کریم تو دیتا ہے بے سوال مجھے

پھڑک پھڑک کے مرونگا وہ نیم بسمل ہون
فلک نے کند چھری سے کیا حلال مجھے

بھلا مین دون قد اکبر سے کسطرح تشبیہ
چمن مین سرو دکھائی تو اپنی چال مجھے

لہو بدن کا عرق ہوکے بہہ گیا سارا
ہوا یہہ اپنی گناہون سے انفعال مجھے

تیری مدد کا فقط یا علی بھروسا ہے
کسیکی آس نہین وقتِ انتقال مجھے

نہ فخر ہو کہ ملی بادشاہی دنیا کی
غلام سمجھین اگر قنبر و بلال مجھے

اجل قریب ہے جلدی نجف مین پہنچا دے
بس اے نصیب نہ اگلے برس پہ ٹال مجھے

حسین کہتے تھے پروردگار رہیو گواہ
کہ قتل کرتے ہین ناحق یہہ بدخصال مجھے

قطعہ

جب آئین بیٹون کی لاشین تو کہتی تہین زینب
یہہ انکی مرنیکا مطلق نہین ملال مجھے

فدا کرون گہر بے بہا یہ زہرا پر
دئے تہے حق نے اسیواسطے یہہ لال مجھے

وغا مین تیغون کے پہل کہائے پہولے تن پر
نہال کرگئے یہہ میری نونہال مجھے

اوبھتا را تو نکو جب دل تو کہتی تہی بانو
حسینؑ کہتی تہی اک ذوالفقار باقی ہی

دکہادی ای علی اصغر جہنڈ ولی بالن مجہی
نہ درمین نہ زرہ چاہئی نہ ڈہال سب مجہی

قطعہ

چڑہا یہ کہکی جو سینہ پہ شاہ کی قاتل
پکارتا خنجر تہبان کہ الغیاث ای شمر

ملی گا آج بہت سا متاع دمال مجہی
نہ کر نبی کی نواسیکی خونسی لال سبہی

قطعہ

جدا جو کرتی تہی اعدا امرار اصغر سی
خدا کیواسطی مقتل مین مجکو رہنی دو
حسینؑ کہتی تہی پشت فرس سی گرتا ہون
اندہیری قبر مین مشکل انیس کو بہت

تو بانو کہتی تہی آتا ندو ملال سب مجہی
کہ شب کو چونک کی ڈہونڈ ہیگا میرا لال مجہی
مدد کا وقت ہی ای بیکسی سنبہال سب مجہی
دکہادو یا علی اب چاند سا جمال مجہی

سلام میر انیس

مطلع

علی سا بہی تو کوئی عادل زمانہ ہوا
کہ ایک باز و کبوتر کا آشیانہ ہوا

مطلع

سیاہ دیدۂ شبیر مین زمانہ ہوا
ہوا ای ظلم سی جب گل چراغ خانہ ہوا

مطلع

امیر جس در دولت پہ ایک زمانہ ہوا
وہ گہر او جڑ گیا غارت وہ کارخانہ ہوا

ادہر تہی ذات خدا اور ادہر رسول کریم — سوائی پردۂ چشم اور کچھ حجاب نہ تہا
نثار دست و کف پنجۂ ید اللّٰہی — محلہ کون تہا خیبر کا جو خراب نہ تہا
کتاب کفر کا یون کہل گیا تہا شیرازہ — کہ فصل تہی کوئی باقی اگر تو باب نہ تہا
بہلا بیان ہو کیا حال گرمئی عاشور — فلک پہ آگ بہڑکتی تہی آفتاب نہ تہا
بگولی اوٹہتی تہی جہیلونمین خاک اوڑتی تہی — پڑی تہی خشک زراعت کنوئین آب نہ تہا
ہوای گرم سی کانٹا ہوئی تہی سوکہہ کی نخل — تری کلی مین نہ تہی بو پہولمین گلاب نہ تہا
لحد سے پاک اوٹہا پاک خلد مین پہنچا — مین کس شمار مین تہا کچہہ میرا حساب نہ تہا
ہم اوس زمین پہ ہوئی دفن ایخوشا قسمت — سوای رحمت باری جہان عذاب نہ تہا
غضب کی جا ہی کہ دربار مین ستمگر کے — کہڑی تہی بنت علی اور کچہہ حجاب نہ تہا
یزید تخت پہ تہا اور تلی حسین کا سر — اور لٹ گیا تہا زمانا نہ یہہ انقلاب نہ تہا
ہزار حیف چہٹی قافلہ سے بیسری مین — پیام موت کا تہا یہ سحر کا خواب نہ تہا
فراق شاہ مین صغرا کو نیند کیا آتی — وہ شب تہی کونسی جو دلکو اضطراب نہ تہا

قطعہ

ہر ایک سحر کو یہہ کہتی تہی اوٹہ کی نانی سی — مدینہ دور نہ تہا بند خط کا باب نہ تہا
بہلا پیام زبانی تو بہیجتے بابا — اگر مریض کا خط قابل جواب نہ تہا
برہنہ اونٹو پہ سیدانیان تہین بلوے مین — وہ دیکہتی تہی تماشا جنہین حجاب نہ تہا
پڑی تہی بانوکی چلمن پہ اوڑکی چادر گرد — کسی کا چہرہ پر نور بے نقاب نہ تہا
ہوا تہا اہل زمین پر یہہ آسمان تخجل — کہ منہہ گرا تو کیا پارۂ سحاب نہ تہا
عراق کی فصحا کیون نہ سر جہکا لیوین — کسی سوال کی شبیر کا جواب نہ تہا

وغا مین تیغ و تبر سے تیغین لگین تیر پہ تیر | جراحت تن شبیر کا حساب نہ تہا
وہ خیمہ پہونک دیا جسمین تہی رسول کی آل | جگر تہا کس کا جو اس آگ سی کباب نہ تہا
وہ لوگ جمع تہی قتل حسین پہ کہ جنہیں | خدا سی خوف محمد سی کچہہ حجاب نہ تہا
وہ ذوالجناح کی تہی باگ یا کہ گیسوی حور | کہلی تہی چشم پری حلقہ رکاب نہ تہا

قطعہ

علی کی ہاتہ بنائی تہی حق نے بہر کرم | تمہارے خیر کا بخشش کا کچہہ حساب نہ تہا
ثمر شجر کو دی گل کو زر صدف کو گہر | وہ کون تہا جو زمانہ مین فیضیاب نہ تہا
نصیحت شہ دین ابن سعد کیا سنتا | کہ دل مین رحم نہ تہا آنکہہ مین حجاب نہ تہا
گناہ عفو ہوئی کوثر و بہشت ملا | جہان مین رونے سے بہتر کوئی ثواب نہ تہا
حسین روتی تہی بچے کی بیقراری پر | کہ آب آب کا تہا شور اور آب نہ تہا
انیس عمر بسر کردو خاکساری مین | کہیں نہ یہہ کہ غلام ابو تراب نہ تہا

سلام میر انیس

سلامی چشم سی رہ رہ کی خون دل ٹپکتا ہی | غم سجاد بیکس دل مین کانٹا سا کھٹکتا ہی

مطلع

سلامی چشم مین آنسو ہین یا دریا چھلکتا ہے | جگر مین داغ ہین یا کہیت لالہ کا لہکتا ہے
دم تحریر گلزاری ہی یا سطرین ہین غنچہ | صریر کلک ہی یا باغ مین بلبل چہکتا ہی
پہری تہی کربلا کی راہ سی کچہہ سوچ کر خضر | وگرنہ رہبر عالم کہیں رستا بہٹکتا ہے
حرم پر روئی کہا جب آسمانکو دیکہہ کر شب ہی | علی اکبر از ان دو صبح کا تارہ چمکتا ہی
کہا صغرا نی شاید میری بابا جان پیاسی ہین | گلی مین ساتوین تاریخ سی پانی اٹکتا ہی

زمین کربلا پر فاطمہ کے پھول بکھری ہین / شہیدو نکی یہہ خوشبو ہی کہ سب جنگل مہکتا ہی

شہ دین دیکھتی ہین شوق حرمین کس ہی سیدانین / کہ عیسی کوئی انکی کسیکی راہ تکتا ہے

علی اکبر طلب کرتی ہین رخصت کو کیا جانئے / لگی ہی بانکو ہچکی غمسے اور زینب کو سکتا ہی

گل زہرا کی غمسی نوحہ خوان ہین بلبلین ساری / صدا فریاد کی آتی ہے جب غنچہ چٹکتا ہی

تن مجروح پر پا تہہ اپنا زینب کہہ نہین سکتی / تپ غمسی بدن سجاد کا سارا دہکتا ہی

وہان بٹتا ہی غلہ قحط ہی یہان آب و دانہ کا / ادہر فاقہ ہی اور کہانا وہان لشکر مین بٹتا ہی

سکینہ نازپروردہ قید کی آفت کو کیا جانے / یہہ عالم ہی قفس مین جسطرح طائر تڑپتا ہی

قطعہ

کہا بانو نی شہ سی تیر چلتی ہین کلیجہ پر / میرا موہنہ جب یہہ بچہ نرگسی آنکہو تکتا ہی

یہہ ننہی ننہی دونو ہاتہہ بل کہاتی ہین تشنگی سی / سوکڑی ہو گئی ہین نیلگون تالو چٹکتا ہی

بچالو واسطہ زہرا کا صاحب میری اصغر کو / یہہ بچا دودہ پیتا ہی نہ اب آنکہین جھپکتا ہی

صراحی دار یہہ گردن ڈہلی جاتی ہی بن پانی / گلیمین سانس جب رکتی ہی سر دیدی پٹکتا ہی

وغا مین حضرت عباس یون جاتی ہی دشمن پر / گرسنہ شیر جیسی جانب آہو لپکتا ہی

بہو زہرا کی کہتی تہی یہی جا جا کی ڈیوڑہی پر / اری پانی کوئی لادو میرا بچہ بلکتا ہی

یہہ غل تہا شام کی لشکر مین یکبو شہ کی پیشانی پر / نشان سجدہ کا ہی یا صبح کا تارا چمکتا ہی

انڈہیرے مین جو گہبراتا ہی دم امام گرامین / ہر ایک بچہ در زندان پہ سر دیدی پٹکتا ہی

انیس اللہ تجہہ پہ سہل کر دی قبر کی منزل / لحد کا دہیان جب آتا ہی کیا کیا دل دہڑکتا ہی

سلام سلیس

تمنا زر کی رکہتی ہین نہ حب جاہ رکہتی ہین / جو سلطان دین و دنیا کا اپنی گدا کہتی ہین

خوشا قسمت جنہیں قربت مزار پاک حاصل ہے ۔ شہنشاہوں کا رتبہ خادم درگاہ رکھتے ہیں

جبین و عارض شہ کا تصور ہمکو بستا ہے ۔ ہم اپنی سامنے تصویر مہر و ماہ رکھتے ہیں

اوبہی سب ملک خاک شفا کو یوں اوٹہاتے ہیں ۔ کہ جیسے چوم کر سر پہ کلام اللہ رکھتے ہیں

عدم کی ملک تک اے موت آسانی سے پہنچے ۔ کہ خضر راہ سے ہم بھی نہایت راہ رکھتے ہیں

کہا شہ نے سکینہ سے تمہیں کسطرح پانی دین ۔ تصرف مین نہ دریا ہی نہ کوئی چاہ رکھتے ہیں

جو سالک ہین رہ حق کی طریقت انکا پیشہ ہے ۔ قدم اپنا کہین وہ راہ سے بی راہ رکھتے ہیں

ملایک عرش اعلی کی یہہ چلائے کہ منہ ڈہانپیو ۔ گلا اپنا تہہ خنجر شہ ذیجاہ رکھتے ہیں

کہا شہ نے میری انصار حق خاص بندے ہیں ۔ کہ رغبت موت سے اور زلیست سے اکراہ رکھتے ہیں

شہادت کی یہہ جلدی تھی کہ چلی ہیں پہلی ہی رخصت ۔ دولہن بیچے یا دنیز سر قاسم نوشاہ رکھتے ہیں

ہوی عبرت سنا جب قصہ اخوان یوسف کو ۔ برادر کو برادر بھی اسیر چاہ رکھتے ہیں

کہا شہ نے خوشی ہے مرگ کی ایسی رفیقوں کو ۔ کہ مجھسی پہلی یہہ عزم شہادت گاہ رکھتے ہیں

وہین سیراب ہین جو تشنہ جام محبت ہین ۔ اونہین کیا چاہ دنیا سے جو دینکی چاہ رکھتے ہیں

وصال حور جنت ہو گا حاصل باغ جنت مین ۔ کہ عشق مرتضی ہم دلمین خاطر خواہ رکھتے ہیں

عملکی راہ راست ہی کی صراط حق ہوی جنت ۔ وہ ہین گمراہ جو اس راہ سے اکراہ رکھتے ہیں

دولہن کو چھوڑ کر جاتی ہین میدان شہادت میں ۔ کہ اب خواہش عروس مرگ کی نوشاہ رکھتے ہیں

جو طالب ہین حق کی ہین کسی سے اونکو کیا مطلب ۔ کہین دنیا سے الفت عاشق اللہ رکھتے ہیں

برغبت فوج کین سے کیوں نہ حر آتا سوے حضرت ۔ کہ باطل سے تنفر مرد حق آگاہ رکھتے ہیں

سکینہ اونکو بہار باغ وصل دے گی کیا مطلب ۔ بسان گل جہانمین عمر جو کوتاہ رکھتے ہیں

سلام نفیس

گناہ گار بھی وہ یا لئی شباب پھرتا ہے ۔۔۔ جو کربلا مین گیا کامیاب پھرتا ہے

در مزار علی دیکھتی ہین جب زائر ۔۔۔ نظر مین گلشن جنت کا باب پھرتا ہے

محال شئی کی تمنا عبث ہے پیری مین ۔۔۔ کہین گیا ہوا عہد شباب پھرتا ہے

زمین پہ پھرتے ہین یون لی ثبات زیست ہم ۔۔۔ کہ جیسی پانی کی اوپر حباب پھرتا ہے

اوسیکو ملتا ہی دنیا مین جادۂ حشمت ۔۔۔ جو ڈھونڈتا ہوا راہ ثواب پھرتا ہی

ان انسوؤنکی ہی کیا بزم مین رواں خوشبو ۔۔۔ کوئی لئی ہوئی جیسی گلاب پھرتا ہے

ہماری چشم سی ایک پل مقابلہ تو کرے ۔۔۔ یہ مونہہ چھپائی ہوئی کیون سحاب پھرتا ہی

ہم اپنی فاقونمین اسطرح مست پھرتے ہین ۔۔۔ کہ جسطرح کوئی پیکر شراب پھرتا ہے

جو عام ہی تو مناسب ہی کربلا کا سفر ۔۔۔ کہ پختہ ہوتا ہی جو جو کباب پھرتا ہے

قطعہ

وغا مین سبط پیمبر کی ساتھ تھا اقبال ۔۔۔ اودہر سی گھوڑیکی تھا بنی رکاب پھرتا ہے

ظفر بھی پھرتی ہی شل ہوا اوسی جانب ۔۔۔ جدہر جدہر فرس لاجواب پھرتا ہی

حسین کہتی تھی اکبر تجھی کہان ڈھونڈھون ۔۔۔ پدر کی آنکھونمین تیرا شباب پھرتا ہے

نفیس شہد سی اب چلکی دیکھو وہ سرکار ۔۔۔ جہان سی جاکی ہر ایک غضباب پھرتا ہی

سلام سلیس

در علی کی بدولت امیر ہم بھی ہین ۔۔۔ اوسی جناب کی اونا فقیر ہم بھی ہین

نہ ہاتھ اوٹھائین ثنای جو گنج کیخسرو ۔۔۔ وہ بادشاہ اگر ہو فقیر ہم بھی ہین

قطعہ

چپک کی آنکھونسی کہتا ہی اشک ماتم شاہ ۔۔۔ چمک مین رشک در بی بہا ہم بھی ہین

یہ ادعا ہی ہر اک آہ کا غم شہ میں
جگر کو توڑ کی نکلیں وہ تیر ہم بھی ہین

نہ بلبل اصحل کوئی موہنہ سی زمزمہ نکلی
چمن کی سیر میں ای ہمسفیر ہم بھی ہین

حسین سا کوئی آقا نہ مدح خوان ہمسا
وہ بیعدیل ہین تو بی نظیر ہم بھی ہین

بچی گا ہمسی کہاں اوڑ کی طایر مضمون
وہ تیز پر ہی تو ہو صید گیر ہم بھی ہین

اشارے کرتی تھی اصغر کہ لی چلی کوئی
پدر کی گود میں مشتاق تیر ہم بھی ہین

پکاری شاہ جو اکبر کا دم نکلنے لگا
تمہیں تمام نہیں کچھ اخیر ہم بھی ہین

لگا دی ہونٹوں سے جام لبالب ای ساقی
کہ تشنہ مئی خم غدیر ہم بھی ہین

قطعہ

سکینہ قید میں روتی تو کہتے تھے سجاد
قدم میں بیڑی ہو تو ہین دستگیر ہم بھی ہین

بھلا حسین کو کسطرح ڈھونڈھنی جائیں
جو تم ہو قید تو بی بی اسیر ہم بھی ہین

بساط کیا ہی کہ جبر کرین غرور انیس
بس ایک عبد ذلیل و حقیر ہم بھی ہین

سلام میر انیس

گرد ہی اکسیر خاک کربلا کے سامنے
زر دمٹی کی حقیقت کیا طلا کی سامنے

کہتی تھی حضرت علی اکبر کا مرنا ہی غضب
ہم نہ دینا لینے گئی اوس لربا کی سامنے

حلق سی اوتری کٹا آنکھیں سرد دل ٹھنڈا ہوا
گرد ہو جاتی ہی تپ خاک شفا کی سامنے

خوف کیا ہی پھر پرسش آئیں گر منکر نکیر
بندہ حیدر ہو میں کہہ دوں خدا کے سامنے

جسم کو اک دن فنا کردینگی جھونکی آہ کی
بات کیا ہی خاک اوڑ جاتی ہوا کی سامنے

جب سکینہ کی زبان [illegible] سامنے
سر جھکا کر رشک لی آئی حیا کی سامنے

عقدہ دل [illegible] آیا [illegible]
کیا گرہ کا کھولنا مشکل کشا کی سامنے

فاصلہ کیسا ادہر پہنچی ادہر داخل ہوے
کربلا جنت کی جنت کربلا کی سامنے

حر کی دولت کو کیا خالق نی بخشا تجو فوار
ہاتھ پہیلاتا ہی سلطان ہی گدا کی سامنے

کہتی تہی جو لی سی عابد چادر زینب نہ چہین
ہاتھ باندہی جائینگی شکل کنیزا کی سامنے

پردہ پوش عاصیان ہی انکا دامان وسیع
کیا گنہ کا ڈر ہا اپنا آل عبا کی سامنے

ذو الفقار حیدر صفدر سی شرماتی ہی برق
ابر نیسان تہمی زہرا کی ردا کی سامنے

یاد رکھ ظالم پریشان ہو گا مجمع حشر کا
فاطمہ جب بال کہولیگی خدا کی سامنے

فصل پیری مین ہوس دنیا کی توبہ کر انیس
حشر مین کس منہ سی جائیگا خدا کی سامنے

سلام میر انیس

گنہ کا بوجہ جو گردن پہ ہم اوٹہا کی چلے
خدا کی آگی خجالت سی سر جہکا کی چلی

خیال آگیا دنیا کی بی ثباتی کا
چلی جہان سے جب اصغر تو مسکرا کی چلی

جسی ملا اوسی افتادگی سی اوج ملا
اونہون نی کہائی ہی ٹہوکر جو سر اوٹہا کی چلی

طلب سی آبرو اللہ کی فقیرونکو
کبہی جو ہو گیا پہیرا صدا سنا کی چلی

سمند شاہ سی تشبیہ ہمکو دیتی ہے
کدہر ہی کبک ذرا چال تو بتا کی چلی

مقام یون ہوا اس کارگاہ دنیا مین
کہ جیسی دن کو مسافر سرا مین آکی چلی

حسین کہتی تہی وا حسرتا علے اکبر
بہار باغ جوانی ہمین دکہا کی چلے

چلی وطن کو جو عابد تو کہتی تہی افسوس
علی کی چاند کو ہم خاک مین چہپا کی چلے

ملک پکارتی کہ اولٹا زمین کا طبقہ
حسین فوج پہ جب آستین چڑہا کی چلے

ادہر تہا شور کہ بہاگین صفین لشکر کی
جو دو ہی ہاتھ ادہر سیف مرتضی کی چلی

ملی نہ پہولونکی چادر تو اہلبیت رسول
مزار شاہ پہ لخت جگر چڑہا کی چلے

تمام عمر جو کی سب نے بیرخی مجھسے
کفن میں ہم بھی عزیزوں سے منہ چھپا کے چلے
انیس دم کا بھروسا نہیں ٹھہر جاؤ
چراغ لیکے کہاں سامنے ہوا کے چلے

سلام انیس

غم حسین میں رومجری ثواب یہہ ہے
سمجھ سراشک کو رشک خوش آب یہہ ہی
لحد میں دیکھیو داغ غم حسین کے ضو
زوال جسکو نہیں ہی وہ آفتاب یہہ ہے
امام کہتی تہی مہمان تہا حر مگر افسوس
ضیافت اوسکی نکچہ ہوسکی حجاب یہہ ہی
رگڑ کی ایڑیان قاسم نی وقت نزع کہا
عدم کی ہین سفری اپنا پاتراب یہہ ہی
نبی کی لاش پہ روی پکار کر نہ بہنی
حیا و شرم ایسی کہتی ہین افق حجاب یہہ ہے
امام کہتی تہی بن پانی بچے مرتی ہین
فرات سامنی ہی اور قحط آب یہہ ہے
مرون تو رنج سی چہٹ جاؤن کہتی تہی صغرا
بدن سے جان نکلتی نہیں عذاب یہہ ہے
زمین جہاڑ کی بانو سے کہتی تہی زہرا
جہبی نہ کچہہ میری بچی کا فرش و خواب یہہ ہے
امام کہتی تہی کیونکر رکہون نہ حر کو عزیز
خدا گواہ ہی لاکہو مین انتخاب یہہ ہے
سوال خط کیا قاصد نی جب تو شہ نی کہا
مجرائی جو فقیر در مرتضی کی ہین　　محتاج وہ وزیر کی نہ بادشاہ کی ہین

مطلع

مجرائی سچ ہی خاص وہ بندہ خدا کی ہین　　خلد اونکا ہی مکان جو مکین کربلا کی ہین

مطلع

کیا مجرئی شرف رہ صبر و رضا کی ہین　　معشوق ہین وہ سب کہ جو عاشق حسین کے ہین

ہوتی ہین مصطفی و علی آکی خود شریک　　کیا مرتبہ حسین کے بزم عزا کی ہین

ہی ایکہزار و نہصد و پنجاہ حج کا اجر　　حاجی ہین وہ بزرگ جو زائر رضا کی ہین

اللہ ری زور رعب جو خیبر مین آج تک　　پانچون نشان پنجہ شیر خدا کی ہین

پانی ہوا جو بند تو شبیر نے کہا　　اب میہمان آج سی ہم کربلا کے ہین

کہتی تہی شاہ لاشون سے ہشیاری زہین　　یہہ نونہال سب چمن مرتضی کی ہین

فرمایا شہ نی چاند محرم کا دیکہ کر　　اب دن بہت قریب ہماری قضا کی ہین

قطعہ

عرضی مین شہ کو مسلم بیکس نے یہہ لکہا　　سب دوست ہین یزید کی دشمن خدا کی ہین

کہل چکی ہین اب تو یہہ جائی وطن　　ای فاطمہ کی لال چلن یہان دغا کی ہین

قطعہ

فرمائیگا خدا یہہ ملایک سی روز حشر　　لایق یہہ لوگ بخشش و لطف و عطا کی ہین

لیجاؤ انکو خلد مین اونکا بہشت ہین　　زوار و حسین کے ہین یہہ رضا کی ہین

قطعہ

زینب نی ہندسی کہا کہتی ہین اسکو ہین　　ذرات سامنی ہین رنج و بلا کی ہین

اتبک کفن ملا نہین مان جائی کو میری
ٹکری زمین پہ جسم شہ کربلا کے ہین

دنیا مین آج بھائی بہن کا ہی ایک حال
محتاج وہ کفن کے اور ہم بی ردا کی ہین

بولی سکینہ دست علمدار دیکھ کر
ہی ہی یہہ وہ دونو ہاتھ تو میری چچا کی ہین

مونس یہی کہین سگے ملایک سی قبر مین
شبیر کی غلام ہین بندی خدا کی ہین

سلام مونس

مشتاق سب جہانمین خاک شفا کی ہین
مجرائی جو مریض ہین طالب دوا کی ہین

مطلع

ای بجبری غلام ہم اوس بادشاہ کی ہین
محتاج بادشاہ بہی جسکے گدا کی ہین

کحلی بصر مزیل مرض دافع فشار
کیا مرتبے جہانمین خاک شفا کی ہین

ہم تک سنبہل کی آئیو ہان ای فشار قبر
صدری کفن مین یہان کی خاک شفا کی ہین

اونکی زبان ہی فقر کی لذت سی کامیاب
جو آشنا جہانمین بحر فنا کی ہین

دولت جدہر ہی اہل ہوس ہین تو بہہ ادہر
دنیا پرست دیکھنی والی ہوا کی ہین

کوشش عبث ہی پاؤنکو پہیلا کی بیٹھ رہ
پہونچیگا رزق ہاتھ ہزارون خدا کی ہین

گردش سے آسمانکی چلی کیا کسیکا زور
دانے سبھی پسے ہوئی اس آسیا کی ہین

لی آصبا ان آنکھون تلک اونکی قدم کی خاک
جو شل ہوی گل سفری کربلا کی ہین

ای حر گیا کہانسی کہان تو زہی نصیب
قائل جہان مین سب تیری بخت رسا کی ہین

حور و قصور و میوہ انہارہ باغ خلد
یہہ سب ثمر حسین کے نخل دعا کی ہین

دوش نبی کنار علی سینہ بتول
گہوارہ یہہ نبیرہ خیر الورا کی ہین

تیغونکی زخم فاقہ کشی شدت عطش
وہ چین ابتدا کی یہہ دکھ انتہا کی ہین

دولہے نی جب دولہن سی کہا بات کچہہ لگا کر
ازنا ہی یہہ محال کہ بسمل قضا کے ہین

مان نی کہا کہ صدقی گئی نصیحتی ہی تمہارا
کیونکر کرے یہہ بات ابہی دن حیا کی ہین

سمجہاؤ بی بیوا ہین لٹتا ہے میرا گہر
طالب نئی دولہن سے یہہ اونکی رضا کی ہین

بانو نی تب کہا کوہی مر جائی یا جیئے
انکو کسی سی کیا ہی یہہ عاشق خدا کی ہین

قطعہ

بہکایا شمر نے تو یہہ عباس نے کہا
آقا کو چہوڑنا یہہ چلن بیوفا کی ہین

فاقہ ہی گر تو ہو وہی جو پانی نہین نہین
پابند ہم قناعت صبر و رضا کی ہین

چاہین تو ایکدم مین کرین فوجکو فنا
جوہر ہمارے تیغ مین سیف خدا کی ہین

نان شعیر کہاتا تہا جو صورت فقیر
اوبی شعور ہم پسر اوس بادشاہ کی ہین

اوبہی یا یہہ فقر تو ہی انبیا کا فخر
چلتی ہین اوسی ہم جو چلن اولیا کے ہین

ناقونکی قدر کیا ہی سمجہی اوشکم پرست
لوبچہہ اولئی جو غلام شہ کربلا کی ہین

اونکی زبان ہی فقر کی دولت سی بیگانہ
ہو آشنا جہان سے فقر و فنا کی ہین

تیر ایزید بد نحس کجا اور کجا حسین
پائی کہان وہ بوم جو رتبی ہما کی ہین

دو تربتون کو کہودکی ظالم تباہ تو دی
وہ استخوان شاہ کی ہین یہہ گدا کی ہین

قالین بادشاہ کو حاصل ہی کب یہہ عز
مسجد کو دیکہہ بوریہ گہر مین خدا کی ہین

بہالا دیکہا کی ازرق شامی نی یہہ کہا
اسکی زبان مین ڈنک زبان قضا کی ہین

نیزہ اوٹہا کی نیزہ سے قاسم نی دی صدا
ظالم یہہ بند نیزہ مشکل کشا کے ہین

محشر مین رو کی حق سے یہہ کہین گے جب
پروردگار اشک یہہ اہل عزا کی ہین

آئیگی تب ندا انہین قیمت مین دو بہشت
خود مشتری ہم اس گہر بی بہا کی ہین

گیسوی شہ کو شکل نشان باندہنا نہ تہا — مداح آپ معترف اپنے خطا کی ہین
کرتے ہین لوگ دیکہکے کہتی تہی وہ جسے — محتاج اہلبیت نبی اک ردا کی ہین
کہتی تہی ہاتھ ملکی یہہ عابد کہ تو غضب — بازو رسن مین دختر مشکل کشا کی ہین
اعدا نے جب کیا دیت خون شہ کا ذکر — بولا اسیر حسین یہہ کلمہ ریا کے ہین
ہوتی ہین مصطفے و علی آکی خود شریک — کیا صرتی حسین کی بزم عزا کی ہین
کہتی تہی فاطمہ بہی کیونکر نہ پیاری ہون — یہہ لوگ جان نثار میری دلربا کی ہین
کہتا تہا حر کہ اب نہین دنیا لتی مجہہ عزیز — مشتاق ہم بہشت برین کی ہوا کی ہین
جنکی غلام تہی نہ دگین سگے فرات پہ — بہرہ خدا کی فضل سی اس پیشوا کی ہین
دنیا مین وہ الفتی آنکی پاپا کسیتی ہین — جو اسمین مبتلا ہین وہ مونہہ مین بلا کی ہین
غدار و بیوفا و جفا کار و بی ثبات — غافل یہہ نام سب اسیی مہمان سرا کی ہین
ای جان تجہسی ہوگا فراق ایکدن ضرور — کیا اپنا اختیار کہ بس مین قضا کی ہین
کہتی ہین لوگ شمس و قمر جنکو خلق مین — مولا یہہ دو نشان تیری نقش پا کی ہین
بحر عطا سحاب عنایت محیط فیض — یہہ نام سب حسین کے دست سخا کی ہین
ہی اک ہزار و نہصد و پنجاہ حج کا اجر — حاجی ہین وہ بزرگ جو زایر رضا کی ہین
بہتی ہین آہ سرد کی ہمراہ اشک گرم — بوچہار آنسوؤنکی ہی جہونکی ہوا کی ہین
قاسم حرم سی کہتی تہی مہندی ہی کیا ضرور — شایق یہہ ہاتھ پاؤن لہو کی حنا کی ہین
پانی ہوا جو بند تو شبیر نی کہا — اب مہمان آج سی ہم کربلا کی ہین
کہتی تہی شاہ لاشہ لتی ہشیار ای زمین — یہہ نونہال سب چمن مرتضا کی ہین
کہتی تہین بی بیان نہ ہمین سب لی رو اکثر — لوگو ہم اہلبیت رسول خدا کی ہین

سر رشتہ جن سی دین کا محکم ہی خلق مین
الظالمون وہ تار ہماری ردا کی ہین

ہو کیون نہ دستگیر دو عالم علی کا نام
لاکھون ہی ہاتھ ہاتھ مین دست خدا کی ہین

جس شئے کی ہو طلب در حیدر سی لیو وا
سلطان ہی سب گدا اوسی دولت سرا کی ہین

کہتی ہین لوگ دیکھ کے رانڈونکا قافلا
یہہ بیوطن لٹی ہوئی سب کربلا کی ہین

حاکم سے شمر نی کہا دکھلا کی کشتیان
کپڑی یہہ سب لٹی ہوئی آل عبا کی ہین

گہنا ہی یہہ دولہن کا یہہ سہرا یہہ اوڑہنی
ہتیار سب یہہ قاسم ناکدخدا کی ہین

اکبر کا ہی یہہ خود یہہ عباس کے زرہ
ٹکڑی یہہ خون بہری ہوئی شہ کی عبا کی ہین

دیکھو ای امیر وہ سر زینب کی ہی ردا
پیوند جسمین چادر خیر النسا کے ہین

ہین ایک ریسمان مین جو یہہ گوہر یتیم
سب رشتہ دار حضرت خیر الورا کی ہین

سفاک نی کہا انہین لیجا کی قید کر
دشمن کے ہون جو دوست وہ قابل سزا کے ہین

بولا کوئی کہ رحم کر اب انپر ای امیر
بندی ہین گو یہہ لوگ یہہ بندی خدا کے ہین

صغرا سی بی بیون نی یہہ سر پیٹ کر کہا
ہم سوگوار دلبر خیر النسا کے ہین

داغ جگر نشان رسن کالی پیرہن
لو بی بی تحفہ جات یہہ سب کربلا کی ہین

فرمائی گا خدا یہہ ملایک سے روز حشر
لایق یہہ لوگ بخشش و لطف عطا کی ہین

لیجاؤ انکو خلد مین انکو بہشت مین
زوار یہہ حسین کے ہین وہ رضا کی ہین

فرمایا شاہ نی چاند محرم کا دیکھکر
اب وقت بہت قریب ہماری قضا کے ہین

اب ہند سی ہمین بھی بولا ای زہی طرب
شایق طواف تربت موسی رضا کی ہین

فاقہ تہا تین دن کا جو فضہ نی آنکر
مولا سی عرض کی کہ یہہ ٹکڑے طلا کے ہین

سنکر کہا علی نے کہ ہم وہ فقیر ہین
خاک قدم مین جسکی اثر کیمیا کی ہین

پروا ہی کیا زبان میری اونکی کلید ہی / نہا زمین مین جتنی خزانہ خدا کی ہین
عرضی مین شہ کو مسلم بی بہنے یہہ لکہا / سب دوست ہین یزید کی دشمن خدا کے ہین
گر چل چکی ہون آپ تو پہر جائی وطن / ای فاطمہ کے لال چلین یہان دغا کی ہین
زینب نی ہندسی کہا کہتی ہین کسکو چین / ذرات سامنی ہمی رنج و بلا کے ہین
ابتک کفن ملا نہین ماں جائی کو میری / ٹکری زمین پہ جسم شہ کربلا کے ہین
دنیا مین آج بہائی بہن کا ہی ایک حال / محتاج وہ کفن کے ہین اور ہم ردا کی ہین
فرمائی یہہ زمین سی اشارہ کیا کہ ہان / دکہلادے تو اسی جو شرف اس گدا کی ہین
اوگلا زمین نی گنج تو مولا نی یہہ کہا / مالک ہم اس دفینہ لا انتہا کے ہین
فضہ نی تب کہا تیرا مختار کون ہے / آئی صدا یہہ اوس سے کہ ہم مرتضا کی ہین
بولی سکینہ دست علمدار دیکہہ کر / ہی ہی یہہ دونو ہاتہ تو میری چچا کی ہین
کوفہ کی لوگ دیکہہ کی کہتی تہی یانصیب / محتاج اہلبیت نبی اک ردا کی ہین
مونس یہی کہین گی ملایک سی قبر مین / شبیر کے غلام ہین بندہ خدا کی ہین

سلام مونس

پہونچی یہہ نظم یون شہ ذیشان کے سامنے / جسطرح پای مور سلیمان کی سامنی
سامع خوشی ہون بزم مین نادان کو کیا مزا / ہی لطف اس سخن کا سخندان کی سامنے
صدمی سی دل دو نیم ہو منقار کیطرح / نالی کرون جو بلبل بستان کی سامنی
ساری برس برستا ہی یہہ دیدہ چشم زار / کیا ٹہری ابر دیدہ گریان کی سامنی
راحت نہین تصور قتل حسین سے / ہر دم جگر ہی خنجر بران کی سامنی

قطعه

عباس نامور کو ملا جب نشان فوج　　مجرے کو جھکی شہ ذیشان کی سامنے
ایک برق لوٹ کوندہ گئی زیر آسمان　　چمکا علم جو مہر درخشاں کی سامنے
روباہ بن گئی تھی ستمگر وہ دغا　　سید انکین ابن ضیغم یزداں کی سامنے
دہشت سے بھاگی جاتی تھی روباہ کیطرح　　کیونکر ٹھہرتی شیر نیستاں کی سامنے

قطعہ

عباس لعین امام کی خدمت میں رہتی تھی　　اونا غلام جیسی ہو سلطاں کی سامنے
جب تک نہ تیغ ظلم سے بازو ہوئی جدا　　سینہ سپر رہی شہ ذیشان کے سامنے
ہر دم سکینہ لاتی تھی تسکین کیواسطے　　خالی کٹورے رہی اصغر ناداں کی سامنے
روکر بین سے کہتی تھی حضرت کے بعد قتل　　ہم ذبح ہونگی عصر کو اماں کے سامنے
کیا ظلم جو رہی کہ ہوا رہیں بیگناہ　　خون امام قوم مسلماں کے سامنے
خوبی سے شمر کہتا تھا ایسا سر حسین　　رکھ کر سنانے زینب ذیشان کے سامنے

قطعہ

پیہ لوہین غل تھا لاشہ شبیر ہو غضب　　اللہ نے یہ ستم ہوئی انساں کی سامنے
مارا ہے ابن ساقی کوثر کو تشنہ لب　　فریاد ہم کرینگے سلیماں کی سامنے
ذبح حلال ہیں تو یہہ حکم رسول ہے　　جیوانکا خون بہاؤ نہ حیواں کے سامنے
وا حسرتا کہ فاطمہ سے بیٹی رہ گئے　　پیاسے حسین ذبح ہوئی ماں کی سامنے

قطعہ

رکھ لی اوٹھا کے سر پہ ادب سے بیجانی　　مصحف جب آئی صاحب ایماں کی سامنے
نیچے سر حسین ہوا اور تخت پہ یزید　　پھیلائی پاؤں بیٹھا ہی قرآں کی سامنے

انس یہہ آرزو ہی کہ اس نظم کو پڑہوں | جا کر مزار شاہ شہیدان کی سامنے

سلام انس

1. ای سلامی یون ادب ہی کربلا کی سامنے | ہو چمن جسطرح قصر بادشاہ کی سامنے
2. وا ای حسرت کچھ نہ دنیا مین کیی اعمال نیک | ہاتھہ خالی پھر چلی بہائی خدا کی سامنے
3. قلب مین داغونکی گل و اس مین اشکون کی گہر | ہم یہہ ہدیہ لیکی جائینگی خدا کی سامنی
4. حر کو آتی تہی ندا کیون کانپتا ہی مثل بید | دار کا ڈر ہی تو چل نور خدا کی سامنی
5. واہ ری رحمت کی دوزخ کو بھی ٹھنڈا کر دیا | آگ پانی ہو گئی خاک شفا کی سامنے
6. جب کیا اصرہ ہوئی خشکی ل بیمار مین | تپ کو لرزہ آگیا خاک شفا کی سامنے
7. دیکہا شمر کی بیگناہی پہ کہا ای روز حشر | خنجر قاتل زبان نبکر خدا کی سامنے

قطعہ

8. کہتی تہی عباس سکاتا ہی کیا ای شمر شوم | دم بہی نکلیگا تو شاہ کربلا کی سامنے
9. مجہسی کہتا ہی کہ آقا کی رفاقت چہوڑ دو | یہہ دغا بازیکی باتین باوفا کی سامنی

مطلع

10. جز خدا اللہ جہکتی نہین ہم بادشا کی سامنے | ہاتھہ پہیلائی تونگر کیا گدا کے سامنے

مطلع

11. کیون نہ دب جائین تونگر بادشاہ کی سامنے | آسمان کو فوق کیا عرش علا کی سامنے
12. دیکہکر سوی فلک گردن جہکاتی آج بھی | طوق جب آیا مریض کربلا کی سامنے
13. تیری بندی ہی زار انس نت شکل بھی ہی غلام | حشر کی دن ہم یہہ کہینگی خدا کی سامنے
14. روضہ شہ سی صدا آتی ہی یہہ زوار کو | دیکہہ یہان باب اجابت ہی دعا کی سامنے

حرنی بیٹی سی کہا ہاتھ شہ نکو اپنی باندھکر
ایدن چلو جنت وا مشکل کشا کی سامنی

کیا سخاوت تھی کہ جب جب گر تیغ شہ انام
ایک بچپانی تھی ترو تی ہر گدا کی سامنی

فاصلا کیا ہی وسر پیچی ادھر اخل ہوگیا
کربلا جنت کی جنت کربلا کی سامنے

جب سکینہ کی زبان میں پیاس کا نٹی تھی
سر جھکائی مشک لی آئی چچا کی سامنے

حشر میں ایک در ہو گا شہر حسین فاطمہ
لائینگی شہ کا سر خون خدا کی سامنی

ظالموں نی جب رسن باندھی گلےمیں بیگناہ
سب کی عقدی کھل گئی مشکل کشا کی سامنے

قطعہ

معجزی سی آپ نی عصمت کی باندھی تھا گلا
مدتوں ہدیہ کیا وہ انبیا کی سامنی

پرکھلی ہی اوسکی بندش کا نہ عقدہ حل ہوا
وہ گرہ آخر کھلی مشکل کشا کے سامنی

گو تہ باطن تھا حرم ظاہری مگر اللہ رسی شوق
قلب روشن ہو گیا نور خدا کی سامنی

روضہ سرور میں پہنچادی ہمارے خاک کو
بلتی رہتا ہوں میں باد صبا کی سامنی

شمر سی کہتی تھی عابد چادر زینب چھین
ہاتھ باندھی جائینگی مشکل کشا کی سامنی

قطعہ

جب گرا جلاد سینہ پر تو حضرت نی کہا
روک لی اپنی ردا آل عبا کی سامنے

دور اہی کی وہ مقتل میں کہا شمر لعین
ذبح کر مجکو نہ بنت مرتضا کی سامنے

کہتی تھی زینب تمہیں بھی کچھ خبر ہی باپ کی
ننگی سر نکلی ہوں میں اہل جفا کی سامنے

اوس سی زر تبعا ہی ور اسکی گرنے ہولگا
قدر کیا ہی سیم کی خاک شفا کی سامنے

تھی بر عرش پر کیا سیر میں کرتے ہم گئی
اتنو جھک جب میں وہ سر کشتہ خدا کی سامنے

عرش پر دست علی نکلا حجاب نور سی
شیر کا کاسہ جب ایا مصطفا کی سامنے

تارک دنیا کو اسباب حشم سی کیا غرض	تخت شاہی خاک ہی ہمکو گدائی سانہی
تربت سرور پہ جا کر خاک ہو جاؤ انیس	ہی زبان پر یہ دعا ہر دم خدا کی سانہی

سلام انیس

سبز خاتون قیامت جو گلزار رہتا ہی	تجھی حشر محرم مین بپا رہتا ہے
ہاتھ خالی نہین دولت سی عزاداروں کی	در شہوار سی رومال بھرا رہتا ہے
کہان پیدا ہوا مرا اور کہان دفن ہوا	خاک انسان کی جہان ہو وہین جا رہتا ہے

قطعہ

شمر سی کہتی تھی عباس نہ بہکا مجھکو	جو وفادار ہی آقا پہ فدا رہتا ہی
منحرف کعبہ دین سی مین نہین ہونیکا	طرف قبلہ رخ قبلہ نما رہتا ہے
بانو کہتی تھی کہ صورت تو دکھا جا آکر	واری مان چاند ہی دو روز چھپا رہتا ہے
بانو کہتی تھی سفر مین ہی نہین گھر مین صغرا	جان جدا رہتی ہی اور جسم جدا رہتا ہی

قطعہ

کہتی تھی قوم اسد آنکو اس جنگل مین	رونی اور پیٹنی کا شور مچا رہتا ہے
روتی پھرتی ہی ہر اک لاش کے اوپر ہما	چوکی دینی کو یہان شیر خدا رہتا ہے

قطعہ

مان سی کہتی تھی سکینہ کہ گرہ کہلوا دو	دم میرا رسی کی حلقہ مین گھٹا رہتا ہی
کیا یہی رسم ہی دنیا مین عری جس کا بدلہ	یون مین کیا رسی مین حلق اوسکا بندھا رہتا ہے

قطعہ

بانو کہتی تھی کہ او میری پیارے اصغر	داری لب تم مین میرا دھیان لگا رہتا ہے

جس کو تم قتل کی میدان سی پھر لائی تھے | وہی کرتا میری حیاتی پہ وہ ہر ار رہتا ہی
سر شہ سی کہا عابد نے کہ دیکھو بابا | یہ پھر آپ کا رتی مین بندھا رہتا ہی

قطعہ

شمر کہتا تھا کہ عابد کو ہی یہ شوق نماز | قید مین بھی طرف قبلہ جھکا رہتا ہے
اور یہ اعجاز نمائی ہی کہ وقت تکبیر | پاؤن زنجیر مین نہ رسی مین گلا رہتا ہے
ہو گئی شہر دمین گھر گھر خبر قتل حسین | خون ناحق کہین دنیا مین چھپا رہتا ہی
ہی سیہ پوش جو کعبہ تو ہوا یہ معلوم | ابن زہرا کا عزادار خدا رہتا ہے
ذات باری کو تو ہی انکی بقا ہی ورنہ | شاہ رہتا ہی نہ دنیا مین گدا رہتا ہی

سلام مولف

نہین ابر تر دیدۂ تر سے بہتر | سلامی یہ چشمہ ہے کوثر سے بہتر

مطلع

نہ خورشید ہی روئی حیدر سی بہتر | نہ زہرا ہی زہرائی اطہر سے بہتر
وہ آدم سی بہتر یہ حوا سے اعلی | وہ اعلا سی اعلا یہ بہتر سی بہتر
نہ فضہ سی افضل کوئی شاہزادی | نہ خاقان کوئی انکی قنبر سی بہتر
غلام انکی گھر کا سلیمان سی افزون | گدا انکی در کا سکندر سے بہتر
عبادت سی بہتر ہو رشہ کا سجدہ | طواف لحد حج اکبر سے بہتر
کرین طی اگر شہر ہین کربلا کے | تو سمجھو نہین ان پاؤن کو سر سے بہتر

قطعہ

یہ کوتاہی عقل دیکھو تو حاسد | سمجھتی ہین غیر انکو حیدر سے بہتر

نبی اور کسکو وصی اپنا کرتے	بھلا کونسی شی ہی برادر سے بہتر
وہ دنیا کی سبتہ اور یہ عقبیٰ کی دولت	نہین سلطنت مادر مضطر سی بہتر

قطعہ

زہی اوج اقبال عباس غازی	کہ حمزہ سے اعلا ہین جعفر سے بہتر
بھلا ذکر کیا انکی مشک و علم کا	وہ طوبا سی اعلا یہ کوثر سے بہتر
علم سی نہین خوب شہپر ہما کے	نہین تخت طاوس منبر سے بہتر

قطعہ

لب شاہ دیکھی تو حاکم پکارا	یہ ذرات ہین ہین لعل احمر سی بہتر
کیا پھر چھڑی لیسے ہٹا کر لبون کو	یہ دندان بھی ہین سلک گوہر سی بہتر

قطعہ

زہی خاکساری کہ کہتی سے عابد	یہ فرش زمین ہی سنجر سے بہتر
یہ خاشاک زندان ہی مخمل سی عمدہ	یہ کانٹی ہین پہولونکی بستر سی بہتر

قطعہ

چمن مین یہ قمری سی کہتی تہی بلبل	کوئی گل نہین روی اکبر سے بہتر
وہ بل کہائی زلفین ہین سنبل سی بالا	وہ شمشاد قد ہی صنوبر سے بہتر

قطعہ

عجب فوج تہی فوج سبط پیمبر	کہ ہین ماہ دو چہین بہتر سی بہتر
نہ عباس سا اب علمدار ہوگا	نہ سالار ہوویگا اکبر سے بہتر
ہوا جب محب دفن خاک شفا مین	ملا چین آغوش مادر سے بہتر

قطعه

یہہ کہتی تہی قدسی کہ ایوان گردون	نہین روضۂ ابن حیدر سے بہتر
یہہ گنبد ہی عرشِ معلّا سے اعلا	یہہ شمسہ ہے مہرِ منور سے بہتر
یہہ لخت جگر لعل سے قیمتی ہین	یہہ اشکونکی قطرے ہین گوہر سی بہتر

قطعه

نہ غم دوست کا ہی نہ دشمن کا کھٹکا	نہین کوئی گھر قبر کی گھر سے بہتر
بہ آرام سوتی ہین سب سی کناری	یہہ گوشہ ہی آغوشِ مادر سے بہتر
کہا شہ نی کیجی ہی نذرِ خالق	کوئی شی نہین جسم مین سر سے بہتر
غریبی مین مسلم کہ بیٹونکے خاطر	کفن ہے نہ دریا کی چادر سے بہتر
رہی جادۂ کربلائے معلّا	اسی راہ مین پاون مین کھر سے بہتر
کہا شہ نی سر نذر خالق کرینگے	کہ ہدیہ ہے یہہ جسم لاغر سے بہتر
ندا آئی دونو ہین منظورِ باری	یہہ سر تن سے بہتر ہی تن سر سے بہتر
کہان جائین ہم روضۂ شہ سی انیس	بہلا کونسا گھر ہی اس گھر سے بہتر
جو کی فکر ای انیس حد سی زیادہ	بنایا کسیکو پیمبر سے بہتر

سلام انیس

سر فخر تا آسمان بڑہ گیا	شہا رتبۂ مدح خوان بڑہ گیا

مطلع

بلاغت سی اوج زبان بڑہ گیا	فصاحت سے لطفِ زبان بڑہ گیا
در روضۂ شہ کا اللہ رے اوج	کہ کرسی کی بہی آسمان بڑہ گیا

قطعہ

زہی اوج اقبال حر جری — کہ اُنسی وہ نمازی کہان بڑہ گیا

پلٹ کیطرح اوسکو روئی حسین — عزیزونسے بہی مہمان بڑہ گیا

ہوا ناوک آہ گردون سے پار — یہہ تیر اس قدر بیکمان بڑہ گیا

رنگارن مین دم بہر نہ اسپ حسین — ہوا سی بہی وہ خوش عنان بڑہ گیا

اولٹ دین صفین زنگی عباس نے — جدہر شیر سا وہ جوان بڑہ گیا

یہہ ماتم ہوا بعد قتل حسین — کہ گردونسے شور فغان بڑہ گیا

زبان سے جو کی مدح سائی شاہ — اوسی دن سی لطف بیان بڑہ گیا

ہوا پہلی اصغر سے اکبر شہید — جو الفون سے بہی لی زبان بڑہ گیا

ملایا جو طوبی سے عباس نے — کہی ہاتہ شہ کا نشان بڑہ گیا

قطعہ

ہوا قتل اصغر کا مان کو یہہ غم — کہ درد دل ناتوان بڑہ گیا

کہا اب پلاونگی کس کو مین شیر — ترا دودہ ای بے زبان بڑہ گیا

قطعہ

گہٹا شہ کی غم سے یہہ عابد کا زور — کہ ضعف تن ناتوان بڑہ گیا

رہی کیون نہ لنگر سے گردنین خم — کمر سی بہی طوق گران بڑہ گیا

دم نزع تڑپا جو دلبند شاہ — تو شق ہو کی زخم سنان بڑہ گیا

ہوا شور توڑا جو اکبر نے دم — چراغ شہ انس و جان بڑہ گیا

دم رحلت ای انس یہہ غفلتین — بجا گی تم اور کاروان بڑہ گیا

سرد کر دیتی ہی دوزخکو یہین جب علے
آب جسطرح بجھا دیتا ہے انگارونکو

خوف کیا نار جہنم کا ہم اونکی ہین غلام
آتش گل جو بنا دیتی ہین انگارونکو

حیدری تیغ کا ٹکڑا وہ تہا جب قاطع کفر
جسنی تسبیح کیا کاٹ کے زنارونکو

اگر قوی تن تہی پسر ارزق شامی کی مگر
تیغ نوشاہ نی جو زنگ کیا چارونکو

کیون نہ لڑی تن قاسم ہو کہ اسوار [illegible]
جسم مجروح پہ دوڑا دیا رہوارونکو

چشم اکبر کا اشارہ تہا وہ عیسی ہین ہون
جسکی دیکہی سے شفا ہوتی ہی بیمارونکو

شاہ فرماتی تہی ای چرخ بہت ہی [illegible]
تہوڑی تیرونکی جگہہ دی وطن آوارونکو

قطعہ

شاہ فرماتی تہی دیکر مجہی شبکی مہلت
نیند آئی نہین تا صبح ستمگارونکو

رات بہر سنگ چلاتی ہین پئی قتل
اب بجھائینگی میری خون مین تلوارونکو

ستمکی ایک سہر کے لئی نکلی تہی بہ جلاد
زہر قاتل مین بجہائی ہوئی تلوارونکو

ٹر ہتی جاتی تہی کہا کہا کی وہی تلوار [illegible]
تہا یہہ زخمونکا مزا شہ کی نمکخوارونکو

شاکر ابر دی سر و ربی جگر گئی ہین آہ
حق نی بخشا ہی یہہ تمغہ انہین تلوارونکو

سختیان ظلم کی عابد پہ یہہ گذری ہین [illegible]
طوق و زنجیر مین دیکہا نہین بیمارونکو

اس لئی دشت مین چلتی تہی برہنہ پا عابد
کہ قدمبوسی کی حسرت نہ رہی خارونکو

دشت غربت مین بہی جاری تہا [illegible]
رشک گل خون کف پا سے کیا خارونکو

لاکہ ہجو کی ہون کیا پیاسی نہین [illegible]
آفرین سید مظلوم کی غمخوارونکو

گر عزادار ہین حضرت کی تو ان اشکونسی
ہم بجہا دینگی جہنم تیری انگارونکو

پہول چن لیجئے چن چن کین ترین مضمونکی
ہم وہ گلچین نہین بلبل جو چنی خارونکو

گلشن بزم عزامین جو چمکتا ہون کبہی — بلبلین نوچ نوچ کے رہ جاتی ہین منقارونکو
حشر تک انکی چمک مین نہ زوال آئیگا — دیکہہ ای چاند مری انسوؤنکی تارونکو
شب شاہ جواوڑا تا تہا تو کہتی تہی ملک — دیکہہ پامال نہ کر غاشیہ بردارونکو

قطعہ

لاش سرور سی یہہ مقتل مین سکینہ نی کہا — بابا جان اوٹہہ کی سزادیجئی ستم گارونکو
دم غارت مجہی بی جرم طمانچی مارے — آپ دیکہین یہہ سوجی ہوئی رخسارونکو
وہ رسن اور وہ سکینہ کا گلا اودیلا — رحم بچپنی پہی آیا نہ ستمگارونکو
آبلی بہی تہی دلا ور قدم عابد کے — رکہہ لیا آنکہونیہ مژگانکی طرح خارونکو
لی گیا یون حرم شاہ کو دربار مین شمر — جسطرح باندہ کی لاتی ہین گنہگارونکو
تہی شب گور سی بدتر شب تار زندان — نظر آتی تہی نہ تاری بہی گرفتارونکو
سنکی غل رونیکا اس بزم مین کہتی ہین پری — حق سلامت رکہی بیکس کے عزادارونکو
صفت بوئی گل اس باغ سی جانا مونس — کہ جنازہ بہی تیرا بار ہنو یارونکو

سلام مونس

سلامی نجم ہمرہان رہ گیا — ہین تنہا بس کاروان رہ گیا

مطلع

نہ دارا نہ صاحب قران رہ گیا — فقط تربتونکا نشان رہ گیا
ذرا دیکہہ انجام کار بشر — کہا سنئے یہہ آیا کہان رہ گیا
مرقع ہے دنیا کا حیرت کی جا — رہا بس ہین جو جہان رہ گیا
کیا عصمت فاطمہ کا جو ذکر — سخن جیب کی زیر زبان رہ گیا

یہی آہ سوزان سے نکلی نمود — جلا سب جگر اور دہوان رہ گیا

نبی بڑہ گئے وہانسی معراج مین — کہ روح القدس بہی جہان رہ گیا

تہی جا بجا انبیا کے قدم — کوئی یہان رہا اور کوئی وہان رہ گیا

تہی رحمت منزل مصطفا — ستارونسے کم آسمان رہ گیا

کہا شہ نے کیونکر نہ غم کہاؤن مین — کہ پیاسا میرا مہمان رہ گیا

گیا سوے جنت محمد ارشاد — زمین پر لحد کا نشان رہ گیا

الم خیز ہین پنجہ ہاے علم — کٹی ہاتہ کا یہہ نشان رہ گیا

ہوا بہاگی وہانکی عباس کو — ترائی مین شیر ژیان رہ گیا

نثائی گا کوثر کو جو روز حشر — وہ دریا پہ تشنہ دہان رہ گیا

قطعہ

یہہ کہتی تہی صغرا وہان لے چلو — جگر بند حیدر جہان رہ گیا

بہری گہر کو قسمت نے خالی کیا — مکین چل بسے سب مکان رہ گیا

قطعہ

ملا رن مین شہ کو جو کوتل عقاب — تڑپ کر دل ناتوان رہ گیا

کہا اے فرس تو تو خالی پہرا — کدہر اکبر نوجوان رہ گیا

وہ جنگل مین ہے یا کسی چاہ مین — بتا میرا یوسف کہان رہ گیا

لگا حلق اصغر پہ جب تیر ظلم — تڑپ کر وہ ابرو کمان رہ گیا

ادہر خوف سے تہر تہرائی زمین — ادہر کانپ کر آسمان رہ گیا

جلا خیمہ دیکہا جو سجاد نے — کلیجے سے اوٹہ کر دہوان رہ گیا

قطعہ

چھٹی قید غم سے جو زین العباد — گلیمین رسن کا نشان رہ گیا
نہ عابد ہی اور نہ زندان رہا — فقط ذکر طوق گران رہ گیا

قطعہ

دم گریہ کہتی تہی سجاد ہائے — جوان مر گئے ناتوان رہ گیا
مقدر مین تہی یہہ پیادہ روے — گیا قافلہ ساربان رہ گیا
پہنچا ہی اب قافلہ تک محال — رہا جو پس کاروان رہ گیا

قطعہ

وطن مین جو کہتا تہا سجاد سے — کہو ان زہرا کسان رہ گیا
علی کا پسر کسطرف چل بسا — کدہر اکبر نوجوان رہ گیا
تو کہتی تہی عابد کہ سب مر گئے — بس ایک زندہ مین ناتوان رہ گیا
کہ تنہا رہ دنیا سے مونس چلے — یہہ گردن پہ بار گران رہ گیا

سلام مونس

چشم پر خون سے بہرتا ہی ہمارا دامن — دامن گل کیطرح سرخ ہی ہمارا دامن

مطلع

دل کی تکرونسی بہرا چشم نی سارا دامن — گل نئی ڈہونڈہ کی گلچین نے سنوارا دامن

مطلع

اشک گلگون سی چمکتا ہی جو سارا دامن — دامن باد بہاری ہی ہمارا دامن
رو غم شاہ مین اے چشم سدا صورت ابر — خشک ہو جائیگا تو تر ہو دوبارہ دامن

ماتم حضرت شبیر میں ثابت تر تھا
ساتھ ہی چاک گریبانکی سدپارہ دامن

بارش اشک میں مژگانکی ہی خشک سر ابلا
باندہ دو ابر کی دامن میں ہمارا دامن

بیچھ غم ایسی چھوڑیگا نہ بی چاک کئی
لاکھہ کرجای گریبانسی کنارا دامن

گوہر اشک عزا میں بھری رہتی ہیں
غیرت دامن دریا ہے ہمارا دامن

زمین زلف علی اکبر کی جو خوشبو پھیلی
عنبریں ہوگیا اوس دشت کا سارا دامن

رو کی شہ کہتی تہی غربت میں مری ہوا صغیر
لو کفن کی لئی حاضر ہے ہمارا دامن

شمنی قاتل سی کہا آتی ہی سر ننگی تو ل
ڈال لی آنکھوں پہ جلد اوستم آرا دامن

جا بجا وادی غربت میں یہ کانٹی الجھی
دھجیاں ہوگیا سجاد کا سارا دامن

روشنی لوز اماست کی بجھادی ہیہات
صرصر ظلم نی اس شمع سی مارا دامن

جسطرف جاہو یہی جائیو ای آل رسول
حشر میں ہاتھہ ہمارا ہی تمہارا دامن

شمکی مظلومی پہ دنیا میں جو روئی مونس
بھر گیا دولت عقبا سی ہمارا دامن

سلام مونس

سروتن میں شہ کے جدائی ہوئی
سلامی غضب کی لڑائی ہوئے

اوترنی بھی پائی نہ دریا پہ شاہ
لعینونکی ایسی چڑھائی ہوئے

صف آرا ہوئی یہاں بہتر جوان
اودہر جمع ساری خدائی ہوئے

ہدایت کی باتو نپہ شہ سے لڑے
بھلائی بھی کرنا برائی ہوئے

سر شہ سی کافر مسلمان ہوا
یہ مرنی پہ معجز نمائی ہوئے

عجب کیا جو دنیا سو افق نہ ہو
ادہرسی بھی بے اعتنائی ہوئے

کیا قتل دعوت میں شبیر کو
لعینو نسے کیا بیوفائی ہوئے

کُھلی شہ کی جب روئی انور کی مدح
سیاہی مین بہی روشنائی ہوئے

قطعہ

زہی اوج اقبال حرّ جرّ نے
کہ دربار شہ تک رسائی ہوئے

ہوا دور گردنسی بار گناہ
بلا ٹل گئی سر سے آئی ہوئے

بندہی اوسکی کہولی جو حضرت نی ہاتہہ
سر دست مشکل کشائی ہوئے

عجب آینہ ہیگا مومن کا دل
غبار اوٹھہ گیا اور صفائی ہوئے

یہہ فریاد کرتی تہی زوج بتول
کہ ضایع میری سب کمائی ہوئے

دم صبح سی ہے غضب ظہر تک
بہری گہر کی بالکل صفائی ہوئے

کہا شہ نی ویران ہوگی کبہی
یہہ بستی ہماری بسائی ہوئے

یہہ کہتی تہی مہمان کا شہ پہ شاہ
قلق ہے کہ تجہسی جدائی ہوئے

کہا حر نی مولا کرون کیون نہ فخر
میری خاک بہی کربلائی ہوئے

قطعہ

نکل آئی گہر سے دم قتل شاہ
یہہ بنت یب زہرا کی جائی ہوئے

پکاری ادہر سی تڑپ کر حسین
ستم کی گٹہا یہان ہی چہائی ہوئی

ملی گا نہ بہائی تمہین اسے بہن
قیامت تلک اب جدائی ہوئی

پلا تہا جو آغوش خیر النسا کے
اوسی تن پہ تیغ آزمائی ہوئے

تہہ تیغ تہا نیزہ ظلم مین سے ستم
وہ زلف سیہ پیچ کمائی ہوئے

قطعہ

کہی شمر نی یون سکینہ کے ہات
کہ مجروح نازک کلائی ہوئے

نہ چھوڑی مصیبت میں وہ جیتے جی — جب آئی اجل تب رہائی ہوئی

اوسی در کی مونس گدائی کرو — جہان سب کی حاجت روائی ہوئی

سلام مونس

مسدس مدح شہ کی مجیری ہو لونکی دہنی ہین — دماغ اہل مجلس رشیہ کھلتی ہی بستی ہین

مطلع

سلامی یہہ معطر کو بحیہ سرور کی رہتی ہین — گل گلزار جنت ہی لیتی ہی بلیش بستی ہین

مطلع

محرم مین سلامی جب کمر ردائی کستی ہین — تو چہلم تک برابر یاد آنکھونسی برستی ہین

ہماری دیدۂ گریانسی ابر تر کو کیا نسبت — وہ ایک جالی مین تھم جاتا ہی یہان برسون برستی ہین

معطر ہوگی سب مجلس محبو اشک اونکی ہو گی — یہہ بستی ہین ہی گلہای مضمونسی جو بستی ہین

اصالت جنکی ظاہر ہو جبت ہر امتحان اونکا — وہ جوہر ہین نہین جو ہمکو شل تیغ کستی ہین

یہہ لعل لب ہا خون جگر کا رنگ ہی جسمین — خریدی جوہری گر نقد دل دیکر تو سستی ہین

صراط المستقیم اللہ نی خود جنکو فرمایا — ہماری پیشوا جو ہین یہہ اون لوگونکی رستی ہین

قطعہ

علی اصحاب سی کہتی تہی مالک ہین جو دو عالم کی — کبھی وہان جا کی رہتی ہین کبھی یہان آکی بستی ہین

تمہین اپنی گہرونکی جسطرح سی یاد راہین ہین — یونہین معلوم ہمکو عرش سی جانیکی رستی ہین

عدم تک کسطرح پہنچونگا یا رب بلبلہ ہو کر — سنا ہی منزلین بہاری ہین اور [illegible]

مزار شہ یہہ کہتی ہین ملک داخل ہو زوار — یہی فردوس کی دہری یہی جنت کی [illegible]

ہمارا اصول کیا ہی ایک نظر لطف علی — جو اعمی ہو تو مہنگی ہین جو بینا ہو تو سستی ہین

سلامی تہر پر ترکش لئے فوجونکی وسیتی ہین
نبی کے نازپرور لوند پانی کو ترستی ہین

ہوئی سی نجف سے کربلا سے لی ورخزا سے
چلے جاؤ در خلد برین کی صاف رستی ہین

کشود کار عالم ہی انہین سے کہتی تھی عالم
ہماری دست بستہ گلشن ایمانکی دستی ہین

نجف کرب و بلا مکہ مدینہ سامرہ مشہد
دیار قرب حق کی بس یہی دو چار رستی ہین

کہا زینب نے یا مشکل کشا فریاد کو پہنچو
میری بازو ستمگر ظلم کے رسی مین کستی ہین

عیان ہوتا ہی یون لکھوتا کہ اقلب سخن ہین تنگ
کسوٹی پر طلا کو جسطرح زرساز کستی ہین

نہ خط آتا ہی نہ خیر و خبر معلوم ہوتی ہے
گئی دنیا سے جو یارب وہ کس بستی مین بستی ہین

ہماری موتیو نمین اور غیر و نمین ہی فرق اتنا
یہہ سچی ہین وہ جھوٹی ہین یہہ مہنگی ہم وہ سستی ہین

دعا کرتی ہین جو حضرت تیغ بجلی سی چمکتی ہی
گھٹا گھنگھور ہاتونکی اٹھی ہی سر برستی ہین

ثنائی گیسوئی اکبر مین خامہ چل نہین سکتا
بہت پیچیدہ گو بھی ہین بہت باریک رستی ہین

ہماری چشم تر سی کیا ہی نسبت ابر نیسان کو
وہ برستا ہی پانی یہان سدا موتی برستی ہین

مہک ہی چار سو گلہای بستان شفاعت کے
عجب گلیان نجف کی ہین عجب گلزار رستی ہین

زمین کربلا کہتی ہی باغ آسمان کیسا
ریاض فاطمہ کی گل میری دامن مین بستی ہین

گل زہرا سے آبادی ہوئی اور دشت ہین ورنہ
گریانمین کہین اوجری ہوئی جنگل ہی بستی ہین

نجف ہی کربلا ہی طوس ہی یثرب ہی بطحا ہے
یہی بخشش کی جاوی ہین یہی جنت کی رستی ہین

کفن خوشبو ہوا ایسے لگی جب روضۂ شہ مین
خدا کی فضل سے مردی ہی بہو لونمین بستی ہین

ہوئی ہی صبح عاشورہ صفارائی ہی میدان
کمر خونخوار قاتل بلبر زہرا پہ کستی ہین

خوشی ایسی ہی اپنی مرگ کی فرزند زہرا کو
کہ گلہای جراحت و بیدم کہل کہل کے ہنستی ہین

تجہی وحشت ہوئی کیون نہ دیکہکر گورِ غریبانکو — عدم دالی ولا ایسے ہی ویرانونمین بستی ہین
عدم کی راہ طی ہوویگی کیونکر سخت مضطر ہون — نہ رہبر ہی کوئی اپنا نہ دیکہی بہالی رستہ مین
گہٹا ہر دلیہ مونس غمکی چہاجاتی ہی عسرت مین — جہڑی تہمتی نہین کیا بادل آنکہونسی برستی ہین

مقطع ثانی

شہا مونس کو اپنا روضۂ انور دیکہا دیجی — کہ اسکی دیدۂ پرآب زیارت کو ترستی ہین

سلام نفیس

یون غمِ شاہ مین اشکونکی روانی ہوجاے — شرم سی ابر گہربار بہی پانی ہوجاے
چہیڑدون گر ابہی افسانۂ حسن اکبر — قصۂ یوسف یعقوب کہانی ہوجاے
جوکہ دنیا سی گیا پہر اوسی پانہ سکی محال — غیر ممکن ہی کہ پیری مین جوانی ہوجاے
ذوالجناح شہ والاکی جو سرعت لکہین — کند ہو ذہنونکی طبیعت مین روانی ہوجاے
کیا غضب ہی کہ دہن تر نہ کری تواے جرخ — تشنہ لب ذبیح ید اللہ کا مالی ہوجاے
بیاسمین فاطمہ کے لعل نی جو رنج سہی — سنگ پر بہی جو مصیبت ہو تو پانی ہوجاے
گر لکہون بخشش دست گہرافشان علی — خود بخود طبع مین دریا کی روانی ہوجاے
لکہہ رہا ہون حسن سبز قباکی روداد — کیا تعجب ہے جو قرطاس بہی دھانی ہوجاے
مین بہی اے فاطمہ تیری بندہ نہین ہون اے بی بی زہرا بتول — فرد عصیان پہ معافی کی نشانی ہوجاے
سنکی اس نظم کو پتہر بہی پگہل جاتا ہے — یہہ وہ تقریر نہین ہی جو کہانی ہوجاے
کہتی تہی فاطمہ صغرا اگر آئین بابا — لی دوا صحت کامل بہی نمانی ہوجاے
ہجر مین گرمیِ آہونکا دہوان سر کہینچی — ہوا اگر گشتی بادی تو دخانی ہوجاے

ناخدا نوح غم بیان ہو چلی یاد مراد — راہ دریا کی ہو گر سخت تو پانی ہو جا[ئے]
شاہ فرماتی تھی کیوں مضطرب ہوں میرا — سینہ بچوں پہ ہماری تیرا پانی ہو جائے
اے نفیس آیا ہی ایسا ہی زمانہ اولٹا — دوستی جن سے کریں دشمن جانی ہو جا[ئے]

سلام نفیس

نہ تو بغض نہ کینہ نہ برائی نظر آئے — تجرائی سدا دلمیں صفائی نظر آئی
تماشو یہی کوفہ کی خلقت میں گئے دیکھو — سر تنگی ید اللہ کی جائی نظر آئی
سر پیٹ کی مقتل میں گری دونت سی زینب — برباد جو زہرا کی کمائی نظر آئے
فرماتی تھی شہ قتل جو کرتی ہو لعینو — کیا تمکو بھلا اسمیں برائی نظر آئے
حر نے کہا شبیر نے کھولی جو میرے ہاتھ — مولا مجھی اب عقدہ کشائی نظر آئے
سر اپنی ہم ہو کی لگیں پیٹنی رانڈیں — جب شہ کی تن و سر میں جدائی نظر آ[ئے]

قطعہ

قاسم سی مقابل جو ہوا ازرق شامی — بس کفر میں اور دین میں لڑائی نظر آ[ئے]
ایک ہاتھ میں دو ہو گئے گرا جاکہ ظالم — شمشیر ید اللہ کی صفائی نظر آ[ئے]
کیا روئی سکینہ کی لیئ عابد مضطر — رسی میں جو ننھی سی کلائی نظر آ[ئے]
افسوس کہ سیدانیونکو تن پہ رسن — زہرا کی بھری گھر کی صفائی نظر آ[ئے]

قطعہ

صغرا نے لکھا خط میں کہ ایسی گئی گھر — پھر آپ کی صورت ہی نہ بھائی نظر [آئے]
اماں سی نہ شکوہ ہی نہ بابا سی گلا ہی — اس اپنی مقدر کی برائی نظر آئے
حال شہدا خون جگر کھا کی جو لکھا — ایک تہ بھی کاغذ پہ خالی نظر آ[ئے]

سلام نفیس

راحت کا سبب قرب ستمگر نہین ہوتا — آب دم خنجر سے گلا تر نہین ہوتا

مطلع

مخفی ہی راہ راست جو رہبر نہین ہوتا — کج ہوتی ہی وہ سطر جو مسطر نہین ہوتا

جب تک نہ کری سر قدم راہ رضا مین — یہہ مرحلۂ عشق کبھی سر نہین ہوتا

اللہ ری صفا لاکہہ پڑی گرد کدورت — وہ آئینۂ دل ہی مکدر نہین ہوتا

ہی دیدنی ہی حب علی چشم مین آنسو — خالی کبھی یہہ شیشہ و ساغر نہین ہوتا

کہتی ہین بہارین چمنستان نجف مین — بلبل کو نظارہ بھی میسر نہین ہوتا

آنکھین طرف دل ہین تو دل جیسے طرف چشم — شیشہ سی جدا بزم مین ساغر نہین ہوتا

مضمون غلط املا غلط انشا بھی غلط ہی — قاصد کوئی خط لیکی پیمبر نہین ہوتا

لکھتا ہون پسینہ کا رخ شاہ کا مضمون — ای گل عرق شرم مین کیون تر نہین ہوتا

ای کوثریو آکی میری ظرف کو دیکھو — اک خم سی بھی لبریز یہہ ساغر نہین ہوتا

کوثر سی ادہ ہین کیا جو ہین مستوجب دوزخ — پیدا کبھی پانی مین سمندر نہین ہوتا

خوش آئی نہ صحبت شمر و عمر کی حر کو — باخیر ہی وہ جو طرف شر نہین ہوتا

جب تک نہ ملی دولت جاگیر شفاعت — بیدل ہی وہ مفلس کہ تونگر نہین ہوتا

کیون ہند مین پھرتا ہی نفیس جگر افگار — تو چلکی مقیم در سرور نہین ہوتا

سلام نفیس

سلامی لیے بصارت نہ تھو طیابانی دیکا
لگیان آنکھونکو جو خاک کربلائی دیکا

مطلع

سلامی ہو نہ نہ پانیکی اشقیائی دی
ترپ کی جان شہنشاہ کربلائی دی

روائین جہین لین آل نبیؐ کی اعدائی
نہ تھکی لاش پہ چادر بہی لیک دربائی دی

کرونگا دفن مین بابا کو کہتی تہی سجاد
رہائی قید ستم سی اگر خدائی دی

یہہ بانو کہتی تہی اصغر تم ایسی جلد موئی
نہ پاون چلنی کی مہلت تمہین قضائی دی

جہانمین امت عاصی کی مغفرت کی لئی
خوشی سی جان شہنشاہ کربلائی دی

کہا جو حرّ عوض شہ تو یہہ صدا آئی
تجہی بہشت مین رہنی کی جا خدائی دی

علی سا ہوگا نہ دنیا مین دوسرا کوئی
کہ بیٹی اپنی جسی فخر انبیا نے دی

سپر کئی رہی سینہ کو حضرت عباس
مگر حسین پہ آفت کوئی نہ آنی دی

اگرچہ دام ضلالت مین حر بہت تہا مگر
رہائی نار سی عقدہ کشائی دے

ہوا جو لشکر سادات کربلا مین شہید
تو شہر شہر مین بو خونکی ہوا نے دی

اڑی صبا سی جو بالائی نیزہ گیسوئی شاہ
سواد شام مین بو مشک کی ہوائی دی

نبیؐ کی دوش مبارک پہ قدم رہی تو قمر
جہانمین یہہ کسی منزلت خدائی دی

عمر نی اپنی طرف سے تو لاشی گڑوائی
نہ قبر سید مظلوم کی بنانے دی

بصد ادب پئی رخصت جو حر قدم پہ گرا
اوٹہا کی ہاتھ دعا شاہ کربلائی دی

سوا علیکی یہہ کس کا ہی مرتبہ کہ دوسی
خدائی تیغ دی اور [illegible]

خراج شام کا قیمت تہی جس انگوٹہی کی
نماز میں وہی سایل کو مرتضانی دی

سفر میں اونسی کیا ایک نان کا جو سوال
قطار اونٹونکی سایل کو مرتضانی دی

بہار گلشن اسلام ہو چکی تہی خزان
یہہ تازگی چمن دین کو مرتضےنے دی

بغیر کفر نہ تہا نام حق پرستی کا
خدا کی گہر میں اذان پہلی مرتضانی دی

نہ چہٹتا آینہ دین سی زنگ کفر کبہی
اس آینہ کو جلا تیغ مرتضانے دی

لکہی جو بات تو عباس نے کہا شہ سے
نہ مشک پانی کی قسمت نے ہمکو لانی دی

قفا سی شمر نی حلق شہ امم کاٹا
نماز پڑہنی کی مہلت نہ بیحیانی دی

کہ جان سجدہ میں اوس حق کی پیشوانی دی
نماز سی شہ والا کو اس قدر تہا عشق

نفیس کم نہ کبہی ہوگی آب و تاب دسکی
جسی مثال گہر آبرو خدا اسنے دی

سلام نفیس

مجہرا اوسی جو شام تلک جا کی پہر ائی
رنج و الم و قید مصیبت پا کی پہر آے

صاحبدنی کہا روتی ہوی پہانسی گئی تہے
روتی ہوی ہم لاشۂ بابا کی پہر آئی

قطعہ

عباس کی حملی سی عدو نی علم اپنی
آگی جو بڑہا ہی تہی وہ گہبرا کی پہر آئی

ایسا ہی اکیلا وہ لڑا راہ خدا مین
شبیر کی جانب سی رخ اعدا کی پہر آئی

شبیر کا سن قصۂ جانسوز وہ روی
تا دیر نہ ہوش آدم و حوا کو پہر آئے

کیا اونکو ہوا ہو دیگا افسوس پس مرگ
جو اپنی وطن ساتہہ سی مولا کی پہر آئی

تازہ ہوا پہر اونکی دلوںمین غم شبیر
جب اہل حرم جانب بطحا کی پہر آئی

بانو یہی کہتی تہی کہ ہی ہی سے علے اصغر
پانیکو گئی تیر ستم کہا کی پہر آئے

کہتا تھا عدو پانی نہ شبیر کو دینا | ہونٹھونپہ زبان خشک وہ کہلاکی پہرآئی

قطعہ

مسلم کی تہیمونکو وطن جانے نیکلے خاطر | قاضی کی لپسر قافلہ کہلاکی پہر آئی
ایواے ملی راہ نہ ہوئی اونسی ملاقات | کو فہ مین وہ ہمرت سی ٹکرا کی پہر آئی
عابدبہی چلی رنکو مگر ضعف کی باعث | خیمہ کی وہ دروازی تلک جاکی پہر آئی
ایک شیر ہوا لاش حضرت کا نگہبان | گھوڑونکو تہمگا رجہ دو ڑا کی پہر آئی
ہوتا ہی نصیب انکی زیارت مین بہی اک جا | جو روضۂ شبیر تلک جاکی پہر آئی

سلام مونس

مجرئی سینہ مین کیا کیا دل سہر تڑپا | حلق پہ تیر ستم کہاکی جو اصغر تڑپا
زخمی تن گہوڑونکی ٹاپونسی ہوا جب پامال | مرغ بسمل کیطرح قاسم لب پہ تڑپا
شاہ کہتی تہی ہمسی بچانہ ایک قطرہ آب | بیاس سے صدمی سی کیا کیا تیرا لشکر تڑپا
نگلی سر آئی جو مقتل مین علیکی جائی | غمسی خنر زنی تی کاتن بیسر تڑپا
چہدگئی تیرونسے جب مشک تو پانی نکلا | گرکی کیا خاکپہ عباس دلاور تڑپا
سرکو ٹکرانی لگی واخاہ کہکے | جبکہ آغوش براد رمین برادر تڑپا
شمنی دم توڑتی دیکہا جو علی اکبر کو | خاک پر باپ بہی بیٹی کی برابر تڑپا
مرگیا جبکہ پڑی تیغ امام دوجہان | ہچکی نہ آئی نہ لی سانس نہ دم بہر تڑپا
زخمی چہاتی پہ چڑہا شمر پیا اللہ ری صبر | لال زہرا کا نہ مطلق تہ خنجر تڑپا
شاہ چلائی کہ ای بہائی ہمین چہوڑ چلی | جب دم نزع علمدار دلاور تڑپا
علی اصغر جو ہوا طعمہ شہباز اجل | باپ کی ہاتہونپہ مانند کبوتر تڑپا

بانو کہتی تہی کہ ایک بوند نہ پانی کی ملی
پیاس سے جہولیمین بیرون میرا دلبر تڑپا

شمر کی سینۂ شبیر پہ زانو جو دہرا
کیا کہون قبر مین کیا کیا دل حیدر تڑپا

شہ کی آغوش مین تہا نہ پہ گئی لاش پسر
خاک پر یون دم مردن علی اکبر تڑپا

ساتھہ رانڈونکی سکینہ جو گئی دریا پر
شرم سی لاشۂ عباس دلاور تڑپا

آئی خیمہ مین ستمگر تو ہر اک بچے کا
خوف سی ننہا سا دل سینہ کی اندر تڑپا

شاد اکدم نہ ہوی ہجر پدر مین عابد
رات بہر گذری جو رونیمین تو دن بہر تڑپا

شہ کی مظلومی و غربت کو جو دیکہا دم قتل
خونمین مچلی کیطرح شمر کا خنجر تڑپا

قتل کی بعد جو پہنچا خط صغرا لیکر
گر کی حضرت کی لہو مین وہ کبوتر تڑپا

لاش کو سرور دین کی نہ ملا تہا جو کفن
رات دن قید مین کیا عابد مضطر تڑپا

تفرقہ ایسا پڑا آہ کہ چالیسوین تک
سر تو تن کی لئی اور تن لئی سر تڑپا

ہائی بابا جو سکینہ نے کہا چلا کر
دیر تک طشت مین کیا کیا سر سرور تڑپا

کیا اثر وار کہا تو نی سلام ای مونس
سنکی اس نظم کو ہر ایک سخنور تڑپا

سلام مونس مرحوم

صدا ہی فکر ترقی بلند بینو نکو
ہم آسمان سی لائی ہین ان زمینو نکو

مطلع

پڑہین درود نہ کیون دیکہہ کر حسینو نکو
خیال صنعت صانع ہی پاک بینو نکو

حسین جاتی ہین پہر نبرد میدانمین
چہڑا ای شل ید اللہ آستینو نکو

کہان سی تیر کد آیا یہ بخت یاور تہا
رفیق تشنہ ہوا انا رایت لعینو نکو

سلامی ہوی عباس نکلی خیمہ سے
چہڑا لیا علی اکبر نے آستینو نکو

مزا یہ طرفہ ہی مضمون تو دستیاب نہیں
مقابلہ یہ جہاں آتی ہین آستینو نکو

غلط یہ لفظ وہ بندش بری یہ مضمون سست
ہنر عجیب ملا ہی یہ نکتہ چینو نکو

فلک یہ جب ہوی آوازار کیو دم صبح
تو غازیون نے رکہا سر کیو نیہ زینو نکو

لگا و غا مین ٹیکتی لہو جو قبضہ سے
بہرا لیا شہ والا نی آستینو نکو

دہان کیسہ زر بند کر تو ای منعم
خدا کی واسطی وا کر جبین کی چینو نکو

بہلا تردد بیجا سی اوسمین کیا حاصل
اوٹھا چکی ہین زمیندار جن زمینو نکو

مہکتی ہین گل مضمون سی ہر گھری مونس
بسا یا ہمنی مضامین سے بہی زمینو نکو

سلام میر انیس

بین ای مجبری قاسم کی دولہن کیا جانے
بیاہی ایکشب کی رنڈاپیکا چلن کیا جانے

دم جو گہٹتا تو یہی کہتی تہی گہبرا کے وہ رو
کیون مجہی چہوڑ گئی ابن حسن کیا جانے

بین بستی مین نہ ملتا تو یہ فرماتی تہی شاہ
ہم سا غربت زدہ آرام وطن کیا جانے

لاش شبیر سی آتی تہی صدا مقتل مین
کب یہ سر بیسر ہوویگا کفن کیا جانے

عمر بہر دیکہی یہ جسنی غل و زنجیر کی شکل
وہ بہلا سلسلۂ طوق و رسن کیا جانے

باغ چلنی کو کوئی کہتا تو کہتی سجاد
مرغ بی بال بہلا سیر چمن کیا جانے

کہتی تہی پیاس کی شدت مین سکینہ رو رو
ہوگا کب پانی سی تر خشک دہن کیا جانے

داغ اصغر کا کوئی بانو کے دلسی پوچہے
چہد گیا کس کا جگر تیر فگن کیا جانے

کہا زینب نی کہ شبیر سا بہائی نہ رہا
کیون سلامت رہی دنیا مین بہن کیا جانے

رات کو بیاہ ہوا صبح کو کٹوایا گلا
لطف شادی کا بہلا ابن حسن کیا جانے

تیر کی درد کو کیا باپ سی کہتا اصغر
بی زبان ہو وے جو بچہ وہ سخن کیا جانے

قتل کی وقت یہی کہتی تہی ولسی مسلم
کیا کرین شاد ہی یہہ عہد شکن کیا جانے

رد دعوت نہین کرنیکا پسر زہرا کا
اس عداوت کو وہ سلطان زمن کیا جانے

زخمی شبیر علی اکبر کو جو دیکہا تو کہا
کٹمری کب تیغ و لنی ہوگا میراتن کیا جانے

قید زندانکی سکینہ متحمل نہ ہو لی
ناز پروردہ غم و رنج و محن کیا جانے

قطعہ

شہنی ملبوس جو مانگا تو یہہ زینب نے کہا
زیب تن ہوتا ہی کیون رخت کہن کیا جانے

بوند بہر پانی تو ملتا نہین مرنیکی ہی بعد
کوئی دیگا کہ نہ دیویگا کفن کیا جانے

دم خفا ہوتا تو کہتی تہی سکینہ رو رو
کب کہلی گی میری گردنسے رسن کیا جانے

اہلکین کہتی تہی ہنس ہنس کی کہ مرتی جاتے
کیا جگر رکہتی ہین ہفتاد و تن کیا جانے

ظلم جب ہولی تو فرماتی تہی سجاد حزین
ہمسی برگشتہ ہی کیون چرخ کہن کیا جانے

لاش شبیر پہ زہرا نے کہا رو رو کر
قبلہ رو خاک پہ کس کا ہی بہہ تن کیا جانے

کسطرح قدر نجتی اپنی سخن کی ہو انیس
مرتبہ مشک کا آہوی ختن کیا جانے

سلام میر انیس

حسین یون ہوئی ای مخبری وطن سی جدا
کہ جیسی بلبل ناشاد ہو چمن سی جدا

جنان مین پائیگی گہر اہلبیت کی مداح
صلہ خدا سی جدا لینگی پنجتن سے جدا

بہنسی ہولی تہی بلادین سید سجاد
جہلی تہی طوق سی گردن جدا رسن سے جدا

گلیمین دیکہہ کے طوق حدید کہتی تہی لوگ
یہہ آفتاب کہین جلد ہو گہن سی جدا

وطن مین پہر گی سفر سی نہ جیتی جی آئے
عجب گہری تہی کہ اکبر ہوئی بہن سے جدا

جہان سی اوٹہہ گئی حسرت بہری نبی تمام
جہانمین کوئی نہ دولہا ہو دولہن سی جدا

گھری رہی شہ والا ستم کی تیر و تیغین — نہ آفتاب ہوا دوپہر کرن سی جدا
گھرک کی شمر لعین گر نہ کھینچتا بازو — سکینہ ہوتی نہ لاش شہ زمن سی جدا
حرم مین شور ہوا شمر لی کہا جدھر — کہ باندہو بازوئے زینب کو اک رسن سے جدا
شہید ظلم ہین دونو نبی کے لخت جگر — غم حسین ہین ماتم حسن سے جدا
نکالا گردن اصغر سی تیر جب شہ نے — گلے سی بہنے لگا خون اور دہن سی جدا
سحر سی ظہر تلک کربلا مین خشک ہوئے — سر حسین ہوا وقت عصر تن سی جدا
سیاہ شام سی نکلا جو عصر تو بولی ملک — وہ آفتاب درخشان ہوا گہن سی جدا
سکینہ مر گئی قید ستم مین گھٹ گھٹ کر — مگر نہ چاند سی گردن ہوئی رسن سے جدا
رسول حق کو نواسی سی یہ محبت تھی — کہ موئنہ نکرتے تھی شبیر کی دہن سے جدا
زمین پہ گر کے پکاری شہ زمن ہی ہات — نظر جو آگئی بھائی کی ہاتھ تن سی جدا
گڑی ہی مرگ کی منزل مسافر ہشیار — کھلی گا حال یہ جب روح ہوگی تن سی جدا
فشار قبر کا گر خوف ہی تجھی تو انیس — رہی نہ صرۂ خاک شفا کفن سے جدا

سلام انیس

غم شہ کا جسنے بیان کر دیا — ان آنکھوں نے دریا روان کر دیا
گھٹا زور رشک سخن بڑہ گئے — ضعیفی نے ہمکو جوان کر دیا
سبک ہو چلی تھی ترازوئے شعر — مگر ہمنے پلہ گران کر دیا
بسے قدر کر اے زمین سخن — تجھی بات مین آسمان کر دیا
نہ کی آہ کچھ عمر رفتہ کی قدر — عجب جنس کو رائگان کر دیا
نہ دیکھی گئی شہ سے اصغر کی لاش — زمین مین پسر کو نہان کر دیا

لکھی شہ کی خالِ معنبر کے مدح
قلم نے ہمین نکتہ دان کر دیا

فلک سے ہوا کب میرا کام حل
مگر ہان جنازہ روان کر دیا

قطعہ

زہی شفقتِ سبطِ خیر الورا
عجب رتبہ مہمان کا کر دیا

کوئی جانتا بھی نہ تھا حر کا حال
اوسی دم مین جانِ جہان کر دیا

کہان ایک ذرہ کہان آفتاب
خدا نے کسی مہربان کر دیا

گھٹا فکر مین جسم مثلِ قلم
سراپا کو صرفِ زبان کر دیا

قطعہ

پھر کتا ہی کیون اتنا اے مرغِ روح
مقدر نے ویران مکان کر دیا

نشیمن بھی دیگا وہ فردوس مین
ترا جسمین ویران مکان کر دیا

قطعہ

ہوئی دفن اکبر تو چلائی مان
اجل نے زمین مین نہان کر دیا

چھپانی لگی ہمسے سو کھہ قبر مین
انہیں جب خدا نی جوان کر دیا

جو پوچھی جلدار نے جائی قبر
ترائی مین تشنہی نشان کر دیا

نو اسنجیون سے نے تری اے انیس
ہر ایک زاغ کو خوش بیان کر دیا

سلام میر انیس

سلامی حق نے سجدہ کی لئی کی جبین پیدا
ہوئی ہین ہاتھ پھر ماتم سر دار دین پیدا

مطلع

علی کی بعد خالق نی کیا عرش برین پیدا
مکان ہی نہ ہوا تھی مجری پہلی مکین پیدا

ملک رکھتی ہین سرخاک شفا پر پاؤنکی بدلے
بجای نقش پا ہین جا بجا نقش جبین پیدا

الہی ہنسی کشت آخرت سرسبز ہوتی ہے
بغیر از آب دانہ کر نہین سکتی زمین پیدا

لیسر ہین شیر حق کی اور پدر ہین نور آبا ہونگی
ہوئی ایک فاطمہ کی لال سی کیا کیا نگین پیدا

غلامان علی سید ہی سوی خلد و بہشت جائینگی
ہوئی ہین بہر راہ راست اصحاب یمین پیدا

قطعہ

تولد جب ہوئی اکبر تو یہہ غل تہا ہر اک گہر
ہوا یوسف سی بہی فرزند سرور کا حسین پیدا

کہا شہ نی مبارکباد دیکر شہر بانو کو
تیری گہر مین ہوا ہمشکل ختم المرسلین پیدا

رگین کٹتی تہین لیکن واہ ری صبر شہ والا
صدا اللہ و اکبر کی تہی زیر تیغ کین پیدا

اوکھاڑا صفدر لیسی جب شہ خیبر کو حیدر نی
فلک سی تہی صدا ای آفرین صد آفرین پیدا

کہا جبریل نی تہما نہ ہرگز خانہ ایمان
اگر ہوتا زمانہ مین نہ ایسا رکن دین پیدا

علی سا بہی کوئی ہی دوسرا ای خالق یکتا
ندا یہہ غیب سی آئی نہین پیدا نہین پیدا

ملک کیون خاک اوڑا اوڑگی پر اوس شمع کی
مگس انکو جسکی ہون پر روح الامین پیدا

بنایا ذات حیدر کی لئی یہہ آسمان حق نی
ہوا ہی حلقہ انگشتری بہر نگین پیدا

نجف مین آکر یہہ حاملان عرش کہتی تہی
کریگی اوج کرسی سی زیادہ یہہ زمین پیدا

قطعہ

جو رکہتی تاج زر تہی فرق پر [illegible] زرین تہا
زمانہ مین کہین انکا نشان بہی نہین پیدا

[illegible] کیسی غارت [illegible]
مکان مین سیکڑون ایسی نہین جنکی مکین پیدا

بہائی اشک ماتمدار شہ گرکان تک پہنچی
ہوی لطف صدف سی بحر ہو در ثمین پیدا

قطعہ

اوٹھا کر ذوالفقار حیدری نعرہ کیا شہ نے
دلاور اس جہانمین دوسرا مجھسا نہین پیدا

یہہ وہ شمشیر براں ہے یہہ وہ برق درخشاں ہے
کہ جسکی تاب سی ہی آیت فتح مبین پیدا

کہا اللہ نے لا سیف الا ذوالفقار اسکو
یہہ شکل لا ہوئی پہر نفی مشرکین پیدا

زبانِ شمع سی نکتہ یہہ روشن ہو گیا ہمپر
کہ لیتی آخرش کرتی ہین سب لا کین پیدا

قطعہ

مزار شاہدین کو دیکھ کر قدسی یہہ کہتی تہی
کیا ہی خاک پر اللہ نے عرش برین پیدا

فلک شمس و قمر کی روشنی کو بہول جائیگا
کریگی وہ ستارے حشر کی دن یہہ زمین پیدا

چلا اوس فوج سی جب حر کہا شہنی رفیق نیکی
سوئی خرگاہ دیکہو کفر سی ہوتا ہی دین پیدا

قطعہ

جئی جب تک پدر کی واسطی رویا کئی ہر دم
نہ ہوگا کوئی بابا کی شکل زین العابدین پیدا

عزیزونکا الم بابا کی فرقت قید کی ایذا
ہوئی تہی لاکھ دکھ سہنی کو ایک جان حزین پیدا

سنان و شمر و شبث و خولی ملعون بدایمان
ہوئی تہی بہر قتل شاہدین کیا کیا لعین پیدا

غنیمت جان دم کو دمبدم کر قدر اس دم کی
جو ڈہونڈیگا تو پہر ہوگا نہ یہہ وقت [illegible] پیدا

رہا مظلومی کا چرچا انیس حضرت کا دنیا میں
نہین صابر زمانہ مین ہوا ایسا کہین پیدا

مقطع

انیس اس رنگ کا دیکھا نہ ہمنی کوئی گلدستہ
نظیر محفل ماتم نہین پیدا انہین پیدا

سلام مونس

دماغ اے مجمری خاک شفا کی بو سی لیتی ہین
مزار شاہ پر جانیکو کیا کیا دل ترستی ہین

مطلع

سلام نفیس

خلد دکھلائیگی مداحیٔ سرور مجکو | بدلی ایک بیت کی ملجائیگا ایک گھر مجکو

مطلع

کر دیا فخر کی دولت نی تونگر مجکو | خاک سمجھا ہوں اگر ہاتھ لگی زر مجکو

مطلع

سب جو کہتی ہیں گدائی در حیدر مجکو | مجھ پری دیکھتا ہی رشک سی قیصر مجکو

مطلع

مجھ عالم میں نہیں خواہش گوہر مجکو | آبرو مجھ کو دی خالق اکبر مجکو

مطلع

مجھ پہ ہاتھ لگی رتبہ قیصر مجکو | سمجھی دنیا میں غلام اپنا جو قنبر مجکو

مطلع

عرش پر سو ہیں نہ سمجھی کوئی لی پر مجکو | فوق ہی اوج سعادت میں ہما پر مجکو

تخت شاہی کی تمنا نہیں ای مالک حشر | قبر ملجائی قریب در حیدر مجکو

مدح پڑھتا گل زہرا کی جو میں جا نکلا | آگئی بلبل نی دی تذکر گل تر مجکو

یہ سبکبار رہا ہوں چمن دنیا میں | کہ صبا جانتی ہی بوئی گل تر مجکو

نکہت روضہ شبیر کا میں عاشق ہوں | خوش نہ آئیگی کبھی بوئی گل تر مجکو

دل میں کسطرح نہ کانٹی کی طرح کھٹکیگا | خار حاسد کو ملی اور گل تر مجکو

ہیکلی بار غم شبیر میں دل ڈوب گیا | اس قدر آپ بخارات لی کیا تر مجکو

ای صبا روضہ شبیر کا مشتاق ہوں میں | ساتھ لیچل صفت بوئی گل تر مجکو

وہیان آیا ہی کہ تیرونمین لوہین ہونگی حضیز
نظر آتا ہے جو خارونمین گل تر مجکو

ساتہ اشکونکی جو بہتی ہین جگر کے ٹکڑی
نظر آجاتی ہین دریامین گل تر مجکو

غم شبیر مین کرتا ہی دعا دامن خشک
یا الٰہی کوئی اشکونسے کری تر مجکو

جہک کی کیونکر نہ چلو نمین صفت تسلیم
حق تعالی نے کیا صاحب جوہر مجکو

سر بسر زنگ مین آلودہ ہون جو حق کیا کرین
آپ اپنی نظر آتی نہین جوہر مجکو

توڑ کر سیف ید اللہ کو فرماتی تہی شاہ
آج دکہلاتی ہین اس تیغکی جوہر مجکو

کہتی تہی تیغ علی مین کسی کہلاؤن پرش
شاہ دکہلاتی ہین خود صبر کی جوہر مجکو

کہتی تہی شہ اسی آسیب نہ پہونچی اکبر
ہی تیر آسیب وفن سینے کے تیر مجکو

حضرت خضر کو جو راہ بتا دیتا ہی
راہ عقبی مین دیا حق نے وہ رہبر مجکو

شوق دل آپ نجف تک مجہی پہنچائیگا
نہ بلد چاہی رستی مین نہ رہبر مجکو

کہتا تہا حر کہ نہ ملتی مجہی راہ فردوس
خضر تقدیر نے بتلا دیا رہبر مجکو

کیون تڑپتا ہی دلا وقت پہ ہی سب موقوف
آپ پاس اپنے بلا لیویگا رہبر مجکو

ہمین دنیا مین عبقری پہ ہوا ہی تکیہ
فرش سنجاب ہی اب خاک کا بستر مجکو

روضہ شاہ پہ مرنیکی ہوس ہی یارب
یہانکی تکیونمین نہ دینا کہین بستر مجکو

مقتل شہ کی زمین کہتی تہی دیکہا ای گردون
حق نے ایک چاند دیا تجکو بہتر مجکو

کہتی تہی خیر نشہ ہین میری آنکہین حسنین
صورت چشم یہہ دو نو ہین برابر مجکو

کہا بانو نے گوارا نہین بیٹی کا فراق
دفن کر دی کوئی اکبر کی برابر مجکو

نشہ بادہ عرفان سی بہری رہتی ہین
کبہی خالی نہ ملی چشم کی ساغر مجکو

حق تیرا میکدہ آباد رکہی ای ساقی
عوض آب ملی ساغر کوثر مجکو

وہ غنی ہوں کہ حبیب اللہ کی دولت بانٹی ۔۔۔ نہ کہا ہینی کہ ای خالقِ اکبر مجھکو

اہل دُنیا جسے سمجھے فقیر ہی وہ مستغنی ہوں ۔۔۔ فقیر ہیں لوگ سمجھتے ہیں تونگر مجھکو

لذتِ فخر سی محروم ہی رہ جاتا ہیں ۔۔۔ شکر یا رب نہ کیا تونے تونگر مجھکو

شاہ کہتی تھی کہ یہاں کچھ نہیں جز دولت فقر ۔۔۔ وہ خجل ہونگی جو سمجھی ہیں تونگر مجھکو

فقر حبِّ اسد اللہ سی استغنا ہے ۔۔۔ اس فقیری مین کیا حق نے تونگر مجھکو

اپنا رومال دُرِ اشک سی بھر لیتا ہوں ۔۔۔ کر دیا ہی انہیں اشکوں نی تونگر مجھکو

عیب حیدر کی غلاموں میں ہے تنہا خوری ۔۔۔ بانٹ کہاتا ہوں جو آتا ہی میسّر مجھکو

خاک سمجھوں وہی خاک درِ شہ کی آگی ۔۔۔ گر ہو اکثر زمانے میں میسّر مجھکو

شاہ کہتی تھی ایک آئی گا زمانہ ایسا ۔۔۔ کہ نہو گا کوئی دن آب میسر مجھکو

شیر حق کہتی تھی فاقوں میں مزا ملتا ہے ۔۔۔ ورنہ کیا شی نہیں دنیا میں میسر مجھکو

خوف خورشید قیامت سی ٹھہرا اتنا ۔۔۔ ابر رحمت ہی ولاء ابن حیدر مجھکو

شاہ کہتی تھی کہ عباس کو جب دیکھتا ہوں ۔۔۔ یاد آجاتی ہے تب شوکتِ حیدر مجھکو

بانو کہتی تھی کہ بیٹا نہ لحد میں سوتا ۔۔۔ اپنی پہلو میں جگہ دو علی اکبر مجھکو

کہتی تھی شاہ کہ تنہائی میں گھبراتا ہوں ۔۔۔ پھر حق پاس بلا لو علی اکبر مجھکو

کہتی تھی ماں کہ ارمان گئی دنیا سی ۔۔۔ اپنا سہرا نہ دکھایا علی اکبر مجھکو

خبر قتل پسر سنکی کہا حضرت نے ۔۔۔ ہی غضب کر گئی تنہا علی اکبر مجھکو

کہا بانو نی اگر یوں نہیں آسکتی ہو ۔۔۔ خواب میں شکل دکھاؤ علی اکبر مجھکو

قطعہ

کہتی تھی فاطمہ صغرا کہ بھلا یا وعدہ ۔۔۔ لیگئی آکی نہ بھیا علی اکبر مجھکو

صبح کرتی ہوں شب ہجر میں تارے گن گن کر
اسقدر زاری میں گذر جاتا ہے دن بھر مجھکو

بانو کہتی تھی بولا یا نہ پدر سے لکھ کر
اپنے دادا کے بھی نہ بھیجی علی اکبر مجھکو

بانو کہتی تھی نہ نکلی کوئی حسرت دل کی
پاؤں چلتا نہ دیکھا یا علی اصغر مجھکو

کہتی تھی چھاتی سے لپٹا کے شلوکے بانو
دے گئی ہیں یہہ نشانی علی اصغر مجھکو

شیر حق کہتی تھی سایل سے حجاب آتا ہے
دو گھڑی کے لئے اے فاطمہ چادر مجھکو

کہا زینب نے ردا چھن گئی پروا نہیں کچھ ہے
کی ہے خالق نے عطا نور کی چادر مجھکو

سر اکبر سے کہا بانو نے عریاں ہو کر
واری ماں آکے اوڑھا نے نہیں چادر مجھکو

کہا زینب نے کہ صد شکر یہہ نوبت پہنچی
کہ ترس کہا کے ہر ایک دیتا ہے چادر مجھکو

کہا زینب نے کہ کپڑا الٹا اوڑھا دل نے بھی غم
دے اگر تو میری لوٹی ہوئی چادر مجھکو

کوہ وا غدوہ و غم و درد گری ہیں یا ہم
کبھی گردوں نے اوٹھانے نہ دیا سر مجھکو

کہا زینب نے کہ اے صبح قیامت جلد آ
شام میں لائے ہیں بے رحم کھلے سر مجھکو

شاہ کہتے تھے کہ ایک سر یہہ کیا اے خالق
دوں تیری راہ میں گر لاکھ ملیں سر مجھکو

عمر سعد یہ تاکید ہوئی حاکم کی
بھیج دے کاٹ کے جلدی سر سرور مجھکو

کہا عابد نے کہ غیرت سے گڑا جاتا ہوں
دفن کرنے نہیں دیتے تن سرور مجھکو

للہ الحمد کہ مقبول ہوئی بیت کوئی
قصر فردوس میں رہنے کو ملا گھر مجھکو

کنج غربت سے نہ دیکھی کوئی اچھی صحبت
ایسے بہتر نظر آیا نہ کوئی گھر مجھکو

بھول جاؤنگا تری شوق میں سب کچھ آقا
یاد آئے گا نہ غربت میں کوئی گھر مجھکو

کیا تعجب ہے اگر نیند نہ آئے اے قبر
آج سونیکو ملا ہے یہہ نیا گھر مجھکو

در بدر پھر کے صد افسوس گنوائے سب عمر
مگر اتنے کبھی دنیا میں نہ ملا گھر مجھکو

کہا عباس سی شہ نی رہیو کہا واللہ
مار ڈالی گا ترا داغ برادر مجھکو

پاس ہین کہتی تہی حضرت کہ خبر اسکی نہ تہی
کہ دیکہا ہی گا فلک لاش برادر مجھکو

